**پارہ ٤**

٩٢. جب تم اپنی پسندیدہ چیز سے اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ نہ کرو گے ہرگز بھلائی نہ پاؤ گے اور تم جو خرچ کرو اسے اللہ بخوبی جانتا ہے۔

٩٣. تورات کے نزول سے پہلے (حضرت) یعقوب (علیہ السلام) نے جس چیز کو اپنے اوپر حرام کر لیا تھا اس کے سوا تمام کھانے بنی اسرائیل پر حلال تھے آپ کہہ دیجئے کہ اگر تم سچے ہو تو تورات لے آؤ اور پڑھ کر سناؤ۔

٩٤. اس کے بعد بھی جو لوگ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بہتان باندھیں وہ ہی ظالم ہیں۔

٩٥. کہہ دیجئے کہ اللہ سچا ہے تم سب ابراہیم حنیف کی ملت کی پیروی کرو جو مشرک نہ تھے۔

٩٦. اللہ تعالیٰ کا پہلا گھر جو لوگوں کے لئے مقرر کیا گیا وہی ہے جو مکہ (شریف) میں ہے جو تمام دنیا کے لئے برکت اور ہدایت والا ہے۔

٩٧. جس میں کھلی کھلی نشانیاں ہیں مقام ابراہیم ہے اس میں جو آجائے امن والا ہو جاتا ہے، اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں پر جو اس طرف کی راہ پا سکتے ہوں اس گھر کا حج فرض کر دیا ہے اور جو کوئی کفر کرے تو اللہ تعالیٰ (اس سے بلکہ) تمام دنیا سے بے پرواہ ہے۔

٩٨. آپ کہہ دیجئے کہ اے اہل کتاب تم اللہ تعالیٰ کی آیتوں کے ساتھ کفر کیوں کرتے ہو جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس پر گواہ ہے۔

٩٩. ان اہل کتاب سے کہو کہ تم اللہ تعالیٰ کی راہ سے لوگوں کو کیوں روکتے ہو؟ اور اس میں عیب ٹٹولتے ہو حالانکہ تم خود شاہد ہو، اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال سے بے خبر نہیں۔

١٠٠. اے ایمان والو! اگر تم اہل کتاب کی کسی جماعت کی باتیں مانو گے تو وہ تمہارے ایمان لانے کے بعد کافر بنا کر پھیر دیں گے۔

---

الجزء ٤ الحزب ٧

لَن تَنَالُوا الْبِرَّ حَتَّىٰ تُنفِقُوا مِمَّا تُحِبُّونَ ۚ وَمَا تُنفِقُوا مِن شَيْءٍ
ہرگز نہیں تم پہنچ سکتے ہو · نیکی کو · یہاں تک کہ · تم خرچ کرو · اس میں سے جو · تم محبت رکھتے ہو - تم پسند کرتے ہو · اور جو کچھ · تم خرچ کرو گے - کرتے ہو · سے · کسی چیز سے

فَإِنَّ اللَّهَ بِهِ عَلِيمٌ ﴿٩٢﴾ ۞ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِي
تو بیشک · اللہ تعالیٰ · اُس کو · جاننے والا ہے · ۳:۹۲ · تمام · کھانے · تھے · حلال · بنی

إِسْرَائِيلَ إِلَّا مَا حَرَّمَ إِسْرَائِيلُ عَلَىٰ نَفْسِهِ مِن قَبْلِ أَن تُنَزَّلَ
اسرائیل کے لئے · مگر · جو · حرام کیا · اسرائیل نے (یعنی یعقوب نے) · اوپر · اپنے نفس کے · اس سے پہلے · کہ · نازل کی جائے

التَّوْرَاةُ ۗ قُلْ فَأْتُوا بِالتَّوْرَاةِ فَاتْلُوهَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ
تورات · کہہ دیجئے · پس لے آؤ · تورات کو · پھر پڑھو اس کو · اگر · ہو تم · سچے

﴿٩٣﴾ فَمَنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ
۳:۹۳ · تو جو کوئی · گھڑ لے · پر · اللہ · جھوٹ · بعد · اس کے · تو یہی لوگ

هُمُ الظَّالِمُونَ ﴿٩٤﴾ قُلْ صَدَقَ اللَّهُ ۗ فَاتَّبِعُوا مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۖ
یہی ہیں · ظلم کرنے والے · ۳:۹۴ · کہہ دیجئے · سچ فرمایا · اللہ نے · تو پیروی کرو · طریقے کی · ابراہیم کے · جو یکسو تھے

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿٩٥﴾ إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِي
اور نہ · تھے · سے · مشرکین میں (سے) · ۳:۹۵ · بیشک · پہلا · گھر · بنایا گیا · لوگوں کے لیے · البتہ وہ ہے جو

بِبَكَّةَ مُبَارَكًا وَهُدًى لِّلْعَالَمِينَ ﴿٩٦﴾ فِيهِ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَّقَامُ
مکہ میں ہے · باعث برکت ہے - مبارک ہے · اور باعث ہدایت ہے - ہدایت و رہنمائی والا ہے · جہان والوں کے · ۳:۹۶ · اس میں · نشانیاں ہیں · روشن · مقام

إِبْرَاهِيمَ ۖ وَمَن دَخَلَهُ كَانَ آمِنًا ۗ وَلِلَّهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ
ابراہیم ہے · اور جو کوئی · داخل ہوا اس میں · ہوگیا · امن والا · اور اللہ ہی کے لئے · اوپر · لوگوں کے · حج کرنا ہے · بیت اللہ کا

مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا ۚ وَمَن كَفَرَ فَإِنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ
جو کوئی · استطاعت رکھتا ہو · اس کی طرف · راستے کی · اور جو کوئی · کفر کرے · تو بیشک · اللہ · بے پرواہ ہے · سے · جہان والوں

﴿٩٧﴾ قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَاللَّهُ شَهِيدٌ
۳:۹۷ · کہہ دیجئے · اے اہل · کتاب · کیوں · تم کفر کرتے ہو · آیات سے · اللہ کی · اور اللہ · گواہ ہے

عَلَىٰ مَا تَعْمَلُونَ ﴿٩٨﴾ قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَصُدُّونَ عَن
اس پر - اوپر جو · تم عمل کرتے ہو · ۳:۹۸ · کہہ دیجئے · اے اھل · کتاب · کیوں · تم روکتے ہو · سے

سَبِيلِ اللَّهِ مَنْ آمَنَ تَبْغُونَهَا عِوَجًا وَأَنتُمْ شُهَدَاءُ ۗ وَمَا اللَّهُ
راستے · اللہ کے · جو کوئی · ایمان لے آئے · تم تلاش کرتے ہو اس میں · کجی - ٹیڑھا پن · حالانکہ تم · گواہ ہو · اور نہیں ہے · اللہ

بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٩٩﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تُطِيعُوا فَرِيقًا
غافل · اس سے · جو تم عمل کرتے ہو · ۳:۹۹ · اے وہ · لوگو · جو ایمان لائے ہو · اگر · تم اطاعت کرو گے · ایک گروہ کی

مِّنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ يَرُدُّوكُم بَعْدَ إِيمَانِكُمْ كَافِرِينَ ﴿١٠٠﴾
سے · ان لوگوں میں · جو دیئے گئے · کتاب کو · وہ پھیر دیں گے تم کو · بعد · تمہارے ایمان کے · کافر بنا کر · ۳:۱۰۰

وَكَيْفَ تَكْفُرُونَ وَأَنتُمْ تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ آيَاتُ اللَّهِ وَفِيكُمْ
اور کس طرح - کیسے | تم کفر کرسکتے ہو - تم کفر کروگے | حالانکہ تم ہو (کہ) | پڑھی جاتی ہیں | تم پر | آیات | اللہ کی | اور تم میں ہے

رَسُولُهُ ۗ وَمَن يَعْتَصِم بِاللَّهِ فَقَدْ هُدِيَ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿١٠١﴾
اس کا رسول | اور جو کوئی | مضبوطی سے پکڑے گا | اللہ کو | تو تحقیق | ہدایت پا گیا - ہدایت دے دیا گیا | طرف | راستے کے | سیدھے | ۳:۱۰۱

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنتُم
اے | وہ لوگو | جو ایمان لائے ہو | ڈرو | اللہ سے | جیسے حق ہے | اس سے ڈرنے کا | اور نہ | ہرگز تم مرنا | مگر | اور تم - اس حال میں کہ ہو تم

مُّسْلِمُونَ ﴿١٠٢﴾ وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا ۚ وَاذْكُرُوا
فرمانبردار | ۳:۱۰۲ | اور مضبوطی سے پکڑ لو | رسی کو | اللہ کی | سب کے سب | اور نہ | تم تفرقے میں پڑو | اور یاد کرو

نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنتُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ
نعمت کو | اللہ کی | اپنے اوپر - جو تم پر ہے | جب | تھے تم | دشمنوں | تو اس نے الفت ڈال دی | درمیان | تمہارے دلوں کے

فَأَصْبَحْتُم بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا وَكُنتُمْ عَلَىٰ شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ
تو ہوگئے تم | اس کی نعمت سے | بھائی بھائی | اور تھے تم | اوپر | کنارے | ایک گھڑے کے | سے

النَّارِ فَأَنقَذَكُم مِّنْهَا ۗ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ
آگ | تو اس نے بچا لیا تم کو | اس سے | اسی طرح | بیان کرتا ہے | اللہ تعالیٰ | تمہارے لئے | اپنی آیات | تاکہ تم

تَهْتَدُونَ ﴿١٠٣﴾ وَلْتَكُن مِّنكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ
تم ہدایت پاؤ | ۳:۱۰۳ | اور چاہیے کہ ہو | تم میں سے | ایک امت - گروہ - جماعت | وہ دعوت دیتے ہوں - وہ بلاتے ہوں | طرف | خیر کی | اور حکم دیں

بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿١٠٤﴾
نیکی کا | اور روکتے ہوں | سے | برائی | اور یہ لوگ | یہی | جو فلاح پانے والے ہیں | ۳:۱۰۴

وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ تَفَرَّقُوا وَاخْتَلَفُوا مِن بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْبَيِّنَاتُ ۚ
اور نہ | تم ہو - تم ہوجانا | ان لوگوں کی طرح | جنہوں نے تفرقہ کیا - الگ الگ ہوگئے | اور اختلاف کیا | بعد اس کے | جو | آگئیں ان کے پاس | روشن نشانیاں

وَأُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿١٠٥﴾ يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوهٌ وَتَسْوَدُّ
اور یہی لوگ ہیں | ان کے لئے | عذاب ہے | بڑا | ۳:۱۰۵ | جس دن | سفید ہوں گے - روشن ہوں گے | کچھ چہرے | اور سیاہ ہوں گے - پریشان ہوں گے

وُجُوهٌ ۚ فَأَمَّا الَّذِينَ اسْوَدَّتْ وُجُوهُهُمْ أَكَفَرْتُم بَعْدَ إِيمَانِكُمْ
کچھ چہرے | تو لیکن - تو رہے | وہ لوگ | سیاہ ہوئے | چہرے جن کے - ان کے | (ان سے کہا جائے گا) کیا کفر کیا تم نے | کے بعد | اپنے ایمان

فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿١٠٦﴾ وَأَمَّا الَّذِينَ ابْيَضَّتْ
پس چکھو | عذاب کو | بوجہ اس کے جو | تھے تم | تم کفر کرتے | ۳:۱۰۶ | اور لیکن - اور رہے | وہ لوگ | سفید ہوئے - روشن ہوئے

وُجُوهُهُمْ فَفِي رَحْمَةِ اللَّهِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿١٠٧﴾ تِلْكَ آيَاتُ
چہرے جن کے - ان کے | پس میں | رحمت | اللہ کی | وہ | اس میں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | ۳:۱۰۷ | یہ | آیات ہیں

اللَّهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۗ وَمَا اللَّهُ يُرِيدُ ظُلْمًا لِّلْعَالَمِينَ ﴿١٠٨﴾
اللہ کی | ہم پڑھ رہے ہیں ان کو | آپ پر | ساتھ حق کے | اور نہیں | اللہ | ارادہ رکھتا | ظلم کا | جہان والوں پر | ۳:۱۰۸

---

١٠١. (گویا یہ ظاہر ہے کہ) تم کیسے کفر کر سکتے ہو؟ باوجودیکہ تم پر اللہ تعالیٰ کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں اور تم میں رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) موجود ہیں جو شخص اللہ کے دین کو مضبوط تھام لے تو بلاشبہ اسے راہ راست دکھا دی گئی۔

١٠٢. اے ایمان والو! اللہ سے اتنا ڈرو جتنا اس سے ڈرنا چاہیے دیکھو مرتے دم تک مسلمان ہی رہنا

١٠٣. اللہ تعالیٰ کی رسی کو سب ملکر مضبوط تھام لو اور پھوٹ نہ ڈالو اور اللہ تعالیٰ کی اس وقت کی نعمت کو یاد کرو جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں میں الفت ڈال دی پس تم اس کی مہربانی سے بھائی بھائی ہوگئے اور تم آگ کے گھڑے کے کنارے پہنچ چکے تھے تو اس نے تمہیں بچالیا اللہ تعالیٰ اسی طرح تمہارے لئے اپنی نشانیاں بیان کرتا ہے تاکہ تم ہدایت پاؤ۔

١٠٤. تم میں سے ایک جماعت ایسی ہونی چاہیے جو بھلائی کی طرف لائے اور نیک کاموں کا حکم کرے اور برے کاموں سے روکے اور یہی لوگ فلاح اور نجات پانے والے ہیں۔

١٠٥. تم ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے اپنے پاس روشن دلیلیں آجانے کے بعد بھی تفرقہ ڈالا اور اختلاف کیا انہی لوگوں کے لئے بڑا عذاب ہے۔

١٠٦. جس دن بعض چہرے سفید ہونگے اور بعض سیاہ سیاہ چہروں والوں (سے کہا جائے گا) کہ کیا تم نے ایمان لانے کے بعد کفر کیا؟ اب اپنے کفر کا عذاب چکھو۔

١٠٧. اور سفید چہرے والے اللہ تعالیٰ کی رحمت میں داخل ہونگے اور اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

١٠٨. اے نبی! ہم ان حقانی آیتوں کی تلاوت آپ پر کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا ارادہ لوگوں پر ظلم کرنے کا نہیں

وَلِلَّهِ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي ٱلْأَرْضِ ۚ وَإِلَى ٱللَّهِ تُرْجَعُ ٱلْأُمُورُ

اور اللہ ہی کے لئے ہے | جو کچھ | میں | آسمانوں میں ہے | اور جو کچھ | میں | زمین میں ہے | اور طرف | اللہ کے | لوٹائے جائیں گے | سب کام - معاملات

١٠٩ كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِٱلْمَعْرُوفِ

٣:١٠٩ | ہو تم | بہترین | امت - جماعت | نکالی گئی | لوگوں کے لئے | تم حکم دیتے ہو | نیکی کا

وَتَنْهَوْنَ عَنِ ٱلْمُنكَرِ وَتُؤْمِنُونَ بِٱللَّهِ ۗ وَلَوْ ءَامَنَ أَهْلُ

اور تم روکتے ہو | سے | برائی | اور تم ایمان لاتے ہو | اللہ پر | اور اگر | ایمان لاتے | اہل

ٱلْكِتَٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُم ۚ مِّنْهُمُ ٱلْمُؤْمِنُونَ وَأَكْثَرُهُمُ

کتاب | البتہ ہوتا | بہتر | ان کے لئے | ان میں سے | بعض وہ ہیں جو مومن ہیں | اور اکثر ان کے

ٱلْفَٰسِقُونَ ١١٠ لَن يَضُرُّوكُمْ إِلَّآ أَذًى ۖ وَإِن يُقَٰتِلُوكُمْ

نافرمان ہیں | ٣:١١٠ | ہرگز نہیں | وہ نقصان دیں گے تم کو | مگر | اذیت | اور اگر | وہ جنگ کریں گے تم سے

يُوَلُّوكُمُ ٱلْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنصَرُونَ ١١١ ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ

وہ پھیر دیں گے تم سے | پیٹھیں | پھر | نہ | وہ مدد کیے جائیں گے | ٣:١١١ | ماری گئی | ان پر

ٱلذِّلَّةُ أَيْنَ مَا ثُقِفُوٓا۟ إِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ ٱللَّهِ وَحَبْلٍ مِّنَ ٱلنَّاسِ

ذلت | جہاں کہیں | مگر | وہ پائے گئے | مگر | ساتھ رسی کے (تعلق کے) | سے | اللہ | اور رسی کے (تعلق کے) | سے | لوگوں

وَبَآءُو بِغَضَبٍ مِّنَ ٱللَّهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ ٱلْمَسْكَنَةُ ۚ ذَٰلِكَ

اور وہ لوٹے | ساتھ غضب کے | طرف سے | اللہ کی | اور ماری گئی | ان پر | محتاجی | یہ

بِأَنَّهُمْ كَانُوا۟ يَكْفُرُونَ بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ وَيَقْتُلُونَ ٱلْأَنۢبِيَآءَ

بوجہ اس کے کہ بیشک وہ | تھے | کفر کرتے | آیات کا | اللہ کی | اور قتل کرتے | نبیوں کو

بِغَيْرِ حَقٍّ ۚ ذَٰلِكَ بِمَا عَصَوا۟ وَّكَانُوا۟ يَعْتَدُونَ ١١٢ * لَيْسُوا۟ ١/٤ الحزب ٧

نا | حق | یہ | اس کے وجہ سے | انہوں نے نافرمانی کی | اور تھے وہ | حد سے بڑھ جاتے | ٣:١١٢ | نہیں ہیں وہ سب

سَوَآءً ۗ مِّنْ أَهْلِ ٱلْكِتَٰبِ أُمَّةٌ قَآئِمَةٌ يَتْلُونَ ءَايَٰتِ ٱللَّهِ

برابر | سے | اہل | کتاب میں (سے) | ایک جماعت ہے | قائم رہتی ہیں - کھڑی رہتی ہے | وہ تلاوت کرتے ہیں - پڑھتے ہیں | آیات کو | اللہ کی

ءَانَآءَ ٱلَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُونَ ١١٣ يُؤْمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلْيَوْمِ

گھڑیوں میں | رات کی | اور وہ | سجدہ کرتے ہیں | ٣:١١٣ | وہ ایمان لاتے ہیں - وہ ایمان لے آتے ہیں | اللہ پر | اور یوم

ٱلْءَاخِرِ وَيَأْمُرُونَ بِٱلْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ ٱلْمُنكَرِ

آخرت پر | اور وہ حکم دیتے ہیں | نیکی کا - بھلائی کا | اور وہ روکتے ہیں | سے | برائی (سے)

وَيُسَٰرِعُونَ فِي ٱلْخَيْرَٰتِ ۖ وَأُو۟لَٰٓئِكَ مِنَ ٱلصَّٰلِحِينَ ١١٤ وَمَا

اور وہ جلدی کرتے ہیں | میں | بھلائیوں - نیکیوں میں | اور یہی لوگ | سے | صالحین میں (سے) ہیں | ٣:١١٤ | اور جو کچھ

يَفْعَلُوا۟ مِنْ خَيْرٍ فَلَن يُكْفَرُوهُ ۗ وَٱللَّهُ عَلِيمٌۢ بِٱلْمُتَّقِينَ ١١٥

وہ کریں گے | سے | کسی بھی بھلائی میں | تو ہرگز نہیں | وہ ناشکری کیے جائیں گے اس کی | اور اللہ | جاننے والا ہے | تقویٰ والوں کو | ٣:١١٥

١٠٩. اللہ تعالیٰ کے لئے ہی ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور اللہ تعالیٰ ہی کی طرف تمام کام لوٹائے جاتے ہیں۔

١١٠. تم بہترین امت ہو جو لوگوں کے لئے پیدا کی گئی ہے تم نیک باتوں کا حکم کرتے ہو اور بری باتوں سے روکتے ہو اور اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہو، اگر اہل کتاب بھی ایمان لاتے تو ان کے لئے بہتر تھا ان میں ایمان لانے والے بھی ہیں لیکن اکثر تو فاسق ہیں۔

١١١. یہ تمہیں ستانے کے سوا اور زیادہ کچھ ضرر نہیں پہنچا سکتے اگر لڑائی کا موقع آجائے تو پیٹھ موڑ لیں گے پھر مدد نہ کئے جائیں گے۔

١١٢. ان کو ہر جگہ ذلت کی مار پڑی الا یہ کہ اللہ تعالیٰ کی یا لوگوں کی پناہ میں ہوں یہ غضب الٰہی کے مستحق ہوگئے اور ان پر فقیری ڈال دی گئی یہ اس لئے کہ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی آیتوں سے کفر کرتے تھے اور بے وجہ انبیاء کو قتل کرتے تھے یہ بدلہ ہے ان کی نافرمانیوں اور زیادتیوں کا۔

١١٣. یہ سارے کے سارے یکساں نہیں بلکہ ان اہل کتاب میں ایک جماعت (حق پر) قائم رہنے والی بھی ہے جو راتوں کے وقت بھی کلام اللہ کی تلاوت کرتے ہیں اور سجدے بھی کرتے ہیں۔

١١٤. یہ اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان بھی رکھتے ہیں بھلائیوں کا حکم کرتے ہیں اور برائیوں سے روکتے ہیں اور بھلائی کے کاموں میں جلدی کرتے ہیں یہ نیک بخت لوگوں میں سے ہیں۔

١١٥. یہ جو کچھ بھی بھلائیاں کریں ان کی ناقدری نہ کی جائے گی اور اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں کو خوب جانتا ہے

١١٦. کافروں کو ان کے مال اور ان کی اولاد اللہ کے ہاں کچھ کام نہ آئیں گی یہ جہنمی ہیں جو ہمیشہ اس میں پڑے رہیں گے۔

١١٧. یہ کفار جو خرچ کریں اس کی مثال یہ ہے ایک تند ہوا چلی جس میں پالا تھا جو ظالموں کی کھیتی پر پڑا اور اسے تہس نہس کر دیا، اللہ تعالیٰ نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔

١١٨. اے ایمان والو! تم اپنا دلی دوست ایمان والوں کے سوا اور کسی کو نہ بناؤ۔ (تم تو) نہیں دیکھتے دوسرے لوگ تمہاری تباہی میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھتے وہ چاہتے ہیں کہ تم دکھ میں پڑو ان کی عداوت تو خود ان کی زبان سے بھی ظاہر ہوچکی ہے اور جو ان کے سینوں میں پوشیدہ ہے وہ بہت زیادہ ہے ہم نے تمہارے لئے آیتیں بیان کردیں۔

١١٩. اگر عقلمند ہو (تو غور کرو) ہاں تم تو انہیں چاہتے ہو اور وہ تم سے محبت نہیں رکھتے تم پوری کتاب کو مانتے ہو وہ نہیں مانتے پھر محبت کیسی؟ یہ تمہارے سامنے تو اپنے ایمان کا اقرار کرتے ہیں لیکن تنہائی میں مارے غصہ کے انگلیاں چباتے ہیں، کہہ دو کہ اپنے غصہ ہی میں مر جاؤ اللہ دلوں کے راز کو بخوبی جانتا ہے۔

١٢٠. تمہیں اگر بھلائی ملے تو یہ ناخوش ہوتے ہیں ہاں! اگر برائی پہنچے تو خوش ہوتے ہیں، تم اگر صبر کرو اور پرہیز گاری کرو تو ان کا مکر تمہیں کچھ نقصان نہ دے گا اللہ تعالیٰ نے ان کے اعمال کا احاطہ کر رکھا ہے۔

١٢١. اے نبی! اس وقت کو بھی یاد کرو جب صبح ہی صبح آپ اپنے گھر سے نکل کر مسلمانوں کو میدان جنگ میں لڑائی کے مورچوں پر باقاعدہ بٹھا رہے تھے اللہ تعالیٰ سننے اور جاننے والا ہے۔

إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ لَن تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَٰلُهُمْ وَلَآ أَوْلَـٰدُهُم مِّنَ
بیشک | وہ لوگ | جنہوں نے کفر کیا | ہرگز نہیں | کام آئیں گے - بچا سکیں گے | ان کو | ان کے مال | اور نہ | ان کی اولاد | سے

ٱللَّهِ شَيْـًٔا ۖ وَأُوْلَـٰٓئِكَ أَصْحَـٰبُ ٱلنَّارِ ۚ هُمْ فِيهَا خَـٰلِدُونَ ﴿١١٦﴾
اللہ | کچھ بھی | اور یہی لوگ | ساتھی ہیں | آگ کے | وہ | اس میں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | ۳:۱۱٦

مَثَلُ مَا يُنفِقُونَ فِى هَـٰذِهِ ٱلْحَيَوٰةِ ٱلدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيحٍ فِيهَا
مثال | اس کی جو | وہ خرچ کرتے ہیں | میں | اس | زندگی | دنیا کی | مانند مثال | ہوا کے ہے | اس میں

صِرٌّ أَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوٓاْ أَنفُسَهُمْ فَأَهْلَكَتْهُ ۚ وَمَا
پالا ہے | پہنچتی ہے | کھیتی کو | ایک قوم کی | جنہوں نے ظلم کیا | اپنے نفسوں پر | تو (ہوا نے) ہلاک کردیا اس کو | اور نہیں

ظَلَمَهُمُ ٱللَّهُ وَلَـٰكِنْ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿١١٧﴾ يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ
ظلم کیا ان پر | اللہ نے | اور لیکن | اپنے نفسوں پر | وہ ظلم کرتے تھے | ۳:۱۱۷ | اے | لوگو

ءَامَنُواْ لَا تَتَّخِذُواْ بِطَانَةً مِّن دُونِكُمْ لَا يَأْلُونَكُمْ خَبَالًا
جو ایمان لائے ہو | نہ | تم بناؤ | دلی دوست - رازدان | سے | اپنے سوا | نہ | کمی کریں گے وہ تم سے | کسی خرابی کی - فساد میں

وَدُّواْ مَا عَنِتُّمْ قَدْ بَدَتِ ٱلْبَغْضَآءُ مِنْ أَفْوَٰهِهِمْ وَمَا تُخْفِى
وہ دل سے چاہتے ہیں | کہ | مشکل میں پڑو تم | تحقیق | ظاہر ہوگئی | دشمنی | سے | ان کے مونہوں | اور جو | چھپاتے ہیں

صُدُورُهُمْ أَكْبَرُ ۚ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ ٱلْـَٔايَـٰتِ ۖ إِن كُنتُمْ تَعْقِلُونَ
ان کے سینے | بہت بڑا ہے - بڑی ہے | تحقیق نے - بیان کیں ہم - بیان کردی ہیں ہم نے تمہارے لئے | نشانیاں | اگر | ہو تم | تم عقل رکھتے

﴿١١٨﴾ هَـٰٓأَنتُمْ أُوْلَآءِ تُحِبُّونَهُمْ وَلَا يُحِبُّونَكُمْ وَتُؤْمِنُونَ بِٱلْكِتَـٰبِ
۳:۱۱۸ | ہاں تم | وہ لوگ ہو | تم محبت رکھتے ہو ان سے | اور نہیں | وہ محبت رکھتے تم سے | اور تم ایمان رکھتے | کتاب پر

كُلِّهِۦ وَإِذَا لَقُوكُمْ قَالُوٓاْ ءَامَنَّا وَإِذَا خَلَوْاْ عَضُّواْ عَلَيْكُمُ
ساری اس کے | اور جب | وہ ملاقات کرتے ہیں تم سے | کہتے ہیں | ہم ایمان لائے | اور جب | تنہا ہوتے ہیں | کاٹتے ہیں وہ | تم پر

ٱلْأَنَامِلَ مِنَ ٱلْغَيْظِ ۚ قُلْ مُوتُواْ بِغَيْظِكُمْ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ عَلِيمٌۢ بِذَاتِ
انگلیاں | سے | غصے | کہہ دو | مرجاؤ | اپنے غصے کے ساتھ | بیشک اللہ تعالیٰ | جاننے والا ہے | بھید

ٱلصُّدُورِ ﴿١١٩﴾ إِن تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ وَإِن تُصِبْكُمْ
سینوں کے | ۳:۱۱۹ | اگر | پہنچے تم کو - پہنچ جائے تم کو | کوئی بھلائی | بری لگتی ہے ان کو | اور اگر | پہنچتی ہے تم کو

سَيِّئَةٌ يَفْرَحُواْ بِهَا ۖ وَإِن تَصْبِرُواْ وَتَتَّقُواْ لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ
کوئی برائی | وہ خوش ہوتے ہیں | اس پر - ساتھ اس کے | اور اگر | تم صبر کرو | اور تقویٰ کرو | نہ | نقصان دے گی تم کو | چال ان کی

شَيْـًٔا ۗ إِنَّ ٱللَّهَ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ ﴿١٢٠﴾ وَإِذْ غَدَوْتَ مِنْ أَهْلِكَ
کچھ بھی | بیشک | اللہ تعالیٰ | ساتھ اس کے جو | وہ عمل کرتے ہیں | گھیرنے والا ہے | ۳:۱۲۰ | اور جب | صبح سویرے نکلے تم | سے | اپنے گھر والوں

تُبَوِّئُ ٱلْمُؤْمِنِينَ مَقَـٰعِدَ لِلْقِتَالِ ۗ وَٱللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿١٢١﴾
تم متعین کررہے تھے - بٹھا رہے تھے | مومنوں کو | ٹھکانوں پر - مقامات پر | جنگ کے لئے | اور اللہ | سننے والا | جاننے والا ہے | ۳:۱۲۱

إِذۡ هَمَّت طَّآئِفَتَانِ مِنكُمۡ أَن تَفۡشَلَا وَٱللَّهُ وَلِيُّهُمَاۗ وَعَلَى ٱللَّهِ
جب ارادہ کیا دو گروہوں نے تم میں سے کہ وہ دونوں بزدلی دکھائیں اور اللہ مددگار تھا ان دونوں کا ۔ سرپرست تھا اور پر اللہ

فَلۡيَتَوَكَّلِ ٱلۡمُؤۡمِنُونَ ﴿١٢٢﴾ وَلَقَدۡ نَصَرَكُمُ ٱللَّهُ بِبَدۡرٖ وَأَنتُمۡ أَذِلَّةٞۖ
پس چاہیے کہ توکل کریں ایمان والے ۳:۱۲۲ اور البتہ تحقیق مدد کی تمہاری اللہ نے بدر میں حالانکہ تم کمزور تھے

فَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُونَ ﴿١٢٣﴾ إِذۡ تَقُولُ لِلۡمُؤۡمِنِينَ
پس ڈرو اللہ سے تاکہ تم تم شکر ادا کرو ۳:۱۲۳ جب تم کہہ رہے تھے مومنوں کو

أَلَن يَكۡفِيَكُمۡ أَن يُمِدَّكُمۡ رَبُّكُم بِثَلَٰثَةِ ءَالَٰفٖ مِّنَ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةِ
کیا نہیں کافی تم کو کہ مدد کرے تمہاری رب تمہارا ساتھ تین ہزار کے سے فرشتوں

مُنزَلِينَ ﴿١٢٤﴾ بَلَىٰٓۚ إِن تَصۡبِرُواْ وَتَتَّقُواْ وَيَأۡتُوكُم مِّن فَوۡرِهِمۡ
اتارے ہوئے ۳:۱۲۴ کیوں نہیں ۔ ہاں اگر تم صبر کرو گے اور تم تقوی کرے گے اور وہ آئیں تمہارے پاس سے اپنے جوش کے ساتھ

هَٰذَا يُمۡدِدۡكُمۡ رَبُّكُم بِخَمۡسَةِ ءَالَٰفٖ مِّنَ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِينَ
اس طرح مدد کرے گا تمہاری رب تمہارا ساتھ پانچ ہزار کے سے فرشتوں میں نشان لگے ہوئے

﴿١٢٥﴾ وَمَا جَعَلَهُ ٱللَّهُ إِلَّا بُشۡرَىٰ لَكُمۡ وَلِتَطۡمَئِنَّ قُلُوبُكُم بِهِۦۗ
۳:۱۲۵ اور نہیں بنایا اس کو اللہ نے مگر خوشخبری تمہارے لئے اور تاکہ مطمن ہوجائیں دل تمہارے ساتھ اس کے

وَمَا ٱلنَّصۡرُ إِلَّا مِنۡ عِندِ ٱللَّهِ ٱلۡعَزِيزِ ٱلۡحَكِيمِ ﴿١٢٦﴾ لِيَقۡطَعَ طَرَفٗا
اور (آتی) نہیں ہے مدد مگر سے پاس (سے) اللہ کے جو زبردست ہے حکمت والا ہے ۳:۱۲۶ تاکہ کاٹ دے وہ ایک گروہ کو ۔ ایک حصے کو

مِّنَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوٓاْ أَوۡ يَكۡبِتَهُمۡ فَيَنقَلِبُواْ خَآئِبِينَ ﴿١٢٧﴾
سے ان لوگوں میں (سے) جنہوں نے کفر کیا یا رسوا کرے ان کو ۔ ذلیل کرے ان کو تو وہ لوٹ جائیں ناکام ہوکر ۳:۱۲۷

لَيۡسَ لَكَ مِنَ ٱلۡأَمۡرِ شَيۡءٌ أَوۡ يَتُوبَ عَلَيۡهِمۡ أَوۡ يُعَذِّبَهُمۡ فَإِنَّهُمۡ
نہیں ہے آپ کے لئے سے معاملہ کوئی چیز ۔ اختیار یا ۔ خواہ وہ معاف کردے ۔ مہربان ہوجائے ان پر یا وہ عذاب دے ان کو تو بیشک وہ

ظَٰلِمُونَ ﴿١٢٨﴾ وَلِلَّهِ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي ٱلۡأَرۡضِۚ يَغۡفِرُ لِمَن
ظالم ہیں ۳:۱۲۸ اور اللہ ہی کے لئے ہے جو کچھ میں آسمانوں میں ہے اور جو کچھ میں زمین میں ہے بخش دے گا ۔ دیتا ہے جس کے لئے

يَشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَآءُۚ وَٱللَّهُ غَفُورٞ رَّحِيمٞ ﴿١٢٩﴾ يَٰٓأَيُّهَا
وہ چاہتا ہے ۔ چاہے گا اور عذاب دے گا ۔ دیتا ہے جس کو وہ چاہے گا ۔ چاہتا ہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۳:۱۲۹ اے

ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَأۡكُلُواْ ٱلرِّبَوٰٓاْ أَضۡعَٰفٗا مُّضَٰعَفَةٗۖ
لوگو جو ایمان لائے ہو نہ تم کھاؤ سود دوگنا کئی گنا بناکر

وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُونَ ﴿١٣٠﴾ وَٱتَّقُواْ ٱلنَّارَ ٱلَّتِيٓ أُعِدَّتۡ
اور ڈرو اللہ سے تاکہ تم تم فلاح پاجاؤ ۳:۱۳۰ اور ڈرو ۔ بچو آگ سے وہ جو تیار کی گئی

لِلۡكَٰفِرِينَ ﴿١٣١﴾ وَأَطِيعُواْ ٱللَّهَ وَٱلرَّسُولَ لَعَلَّكُمۡ تُرۡحَمُونَ ﴿١٣٢﴾
کافروں کے لئے ۳:۱۳۱ اور اطاعت کرو اللہ کی اور رسول کی تاکہ تم تم رحم کیے جاؤ ۳:۱۳۲

**١٢٢.** جب تمہاری دو جماعتیں پس ہمتی کا ارادہ کر چکی تھیں اللہ تعالیٰ ان کا ولی اور مددگار ہے اور اسی کی پاک ذات پر مومنوں کو بھروسہ رکھنا چاہیے۔

**١٢٣.** جنگ بدر میں اللہ تعالیٰ نے عین اس وقت تمہاری مدد فرمائی تھی جب کہ تم نہایت گری ہوئی حالت میں تھے اس لیے اللہ ہی سے ڈرو! (نہ کسی اور سے) تاکہ تمہیں شکر گزاری کی توفیق ہو۔

**١٢٤.** (اور یہ شکر گزاری باعث نصرت و امداد ہو) جب آپ مومنوں کو تسلی دے رہے تھے کیا آسمان سے تین ہزار فرشتے اتار کر اللہ تعالیٰ کا تمہاری مدد کرنا تمہیں کافی نہ ہوگا۔

**١٢٥.** کیوں نہیں بلکہ اگر تم صبر کرو پرہیزگاری کرو اور یہ لوگ اسی دم تمہارے پاس آجائیں تو تمہارا رب تمہاری امداد پانچ ہزار فرشتوں سے کرے گا - جو نشاندار ہونگے -۔

**١٢٦.** اور یہ تو محض تمہارے دل کی خوشی اور اطمنان قلب کے لئے ہے ورنہ مدد تو اللہ کی طرف سے ہے جو غالب و حکمت والا ہے۔

**١٢٧.** (اس امداد الٰہی کا مقصد یہ تھا کہ اللہ) کافروں کی ایک جماعت کو کاٹ دے یا انہیں ذلیل کر ڈالے اور (سارے کے سارے) نامراد ہو کر واپس چلے جائیں -۔

**١٢٨.** اے پیغمبر! آپ کے اختیار میں کچھ نہیں اللہ تعالیٰ چاہے تو ان کی توبہ قبول کرلے یا عذاب دے کیونکہ وہ ظالم ہیں۔

**١٢٩.** آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے سب اللہ ہی کا ہے وہ جسے چاہے بخشے جسے چاہے عذاب کرے اللہ تعالیٰ بخشش کرنے والا مہربان ہے۔

**١٣٠.** اے ایمان والو! بڑھا چڑھا کر سود نہ کھاؤ، اللہ تعالیٰ سے ڈرو تاکہ تمہیں نجات ملے۔

**١٣١.** اور اس آگ سے ڈرو جو کافروں کے لئے تیار کی گئی ہے۔

**١٣٢.** اور اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

۞ وَسَارِعُوٓا۟ إِلَىٰ مَغْفِرَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا
اور جلدی کرو | طرف | بخشش کے | سے | اپنے رب کی طرف سے | اور جنت کے | عرض جس کا - چوڑائی جس کی

ٱلسَّمَٰوَٰتُ وَٱلْأَرْضُ أُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِينَ ١٣٣ ٱلَّذِينَ يُنفِقُونَ
(برابر ہے) آسمانوں کے | اور زمین کے | تیار کی گئی ہے | متقین کے لئے | ۳:۱۳۳ | وہ لوگ | جو خرچ کرتے ہیں

فِى ٱلسَّرَّآءِ وَٱلضَّرَّآءِ وَٱلْكَٰظِمِينَ ٱلْغَيْظَ وَٱلْعَافِينَ
میں | خوشحالی | اور تنگی میں | اور پی جانے والے ہیں - دبا جانے والے - بند کرنے والے ہیں | غصے کو | اور درگزر کرنے والے ہیں

عَنِ ٱلنَّاسِ ۗ وَٱللَّهُ يُحِبُّ ٱلْمُحْسِنِينَ ١٣٤ وَٱلَّذِينَ إِذَا فَعَلُوا۟
سے | لوگوں | اور اللہ | محبت رکھتا ہے | احسان کرنے والوں سے | ۳:۱۳۴ | اور وہ لوگ | جب | وہ کرتے ہیں

فَٰحِشَةً أَوْ ظَلَمُوٓا۟ أَنفُسَهُمْ ذَكَرُوا۟ ٱللَّهَ فَٱسْتَغْفَرُوا۟
بے حیائی کا کام | یا | ظلم کر بیٹھتے ہیں | اپنے نفسوں پر | یاد کرتے ہیں - ذکر کرتے ہیں | اللہ کا | پھر بخشش مانگتے ہیں

لِذُنُوبِهِمْ وَمَن يَغْفِرُ ٱلذُّنُوبَ إِلَّا ٱللَّهُ وَلَمْ يُصِرُّوا۟ عَلَىٰ مَا
اپنے گناہوں کے لئے | اور کون ہے | جو بخش دے | گناہوں کو | سوائے | اللہ کے | اور نہیں | وہ اصرار کرتے | اوپر | اس کے جو

فَعَلُوا۟ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ١٣٥ أُو۟لَٰٓئِكَ جَزَآؤُهُم مَّغْفِرَةٌ مِّن
انہوں نے کیا | اور وہ | جانتے ہیں | ۳:۱۳۵ | یہی لوگ ہیں | بدلہ ان کا | بخشش ہے | سے

رَّبِّهِمْ وَجَنَّٰتٌ تَجْرِى مِن تَحْتِهَا ٱلْأَنْهَٰرُ خَٰلِدِينَ فِيهَا ۚ وَنِعْمَ
ان کے رب کی طرف | اور باغات ہیں | بہتی ہیں | سے | ان کے نیچے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | ان میں | اور کتنا اچھا ہے

أَجْرُ ٱلْعَٰمِلِينَ ١٣٦ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِكُمْ سُنَنٌ فَسِيرُوا۟
اجر | عمل کرنے والوں کا | ۳:۱۳۶ | تحقیق | گزر چکیں | سے | تم سے پہلے | کئی امتیں - کئی طریقے | تو چلو پھرو

فِى ٱلْأَرْضِ فَٱنظُرُوا۟ كَيْفَ كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلْمُكَذِّبِينَ
میں | زمین میں | پھر دیکھو | کس طرح | ہوا | انجام | جھٹلانے والوں کا

١٣٧ هَٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ ١٣٨
۳:۱۳۷ | یہ | بیان ہے | لوگوں کے لئے | اور ہدایت ہے | اور نصیحت ہے | تقوی والوں کے لئے | ۳:۱۳۸

وَلَا تَهِنُوا۟ وَلَا تَحْزَنُوا۟ وَأَنتُمُ ٱلْأَعْلَوْنَ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ
اور نہ | تم سستی کرو - ہمت ہارو | اور نہ | تم غم کرو | اور تم ہی | بلند ہو | اگر | ہو تم | مومن

١٣٩ إِن يَمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ ٱلْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهُۥ ۚ وَتِلْكَ
۳:۱۳۹ | اگر | پہنچا تم کو - چھو جائے تم کو | کوئی زخم | تو تحقیق | پہنچا ہے | اس قوم کو | زخم | اسی کی مانند | اور یہ

ٱلْأَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ ٱلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟
دن | ہم پھیرتے رہتے ہیں ان کو | درمیان | لوگوں کے | اور تاکہ جان لے | اللہ | ان لوگوں کو | جو ایمان لائے

وَيَتَّخِذَ مِنكُمْ شُهَدَآءَ ۗ وَٱللَّهُ لَا يُحِبُّ ٱلظَّٰلِمِينَ ١٤٠
اور بنا لے | تم میں سے | گواہ - شہید | اور اللہ | نہیں | محبت رکھتا | ظالموں سے | ۳:۱۴۰

۱۳۳. اور اپنے رب کی بخشش کی طرف اور اس جنت کی طرف دوڑو جس کا عرض آسمانوں اور زمین کے برابر ہے جو پرہیزگاروں کے لئے تیار کی گئی ہے ۔

۱۳۴. جو لوگ آسانی میں اور سختی کے موقع پر بھی اللہ کے راستے میں خرچ کرتے ہیں اور غصہ پینے والے اور لوگوں سے درگزر کرنے والے ، اللہ نیکوکاروں سے محبت کرتا ہے ۔

۱۳۵. جب ان سے کوئی ناشائستہ کام ہو جائے یا کوئی گناہ کر بیٹھیں تو فوراً اللہ کا ذکر اور اپنے گناہوں کے لئے استغفار کرتے ہیں - فی الواقع اللہ تعالیٰ کے سوا اور کون گناہوں کو بخش سکتا ہے ؟ اور وہ لوگ باوجود علم کے کسی برے کام پر اڑ نہیں جاتے ۔

۱۳۶. انہیں کا بدلہ ان کے رب کی طرف سے مغفرت ہے اور جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے ان نیک کاموں کے کرنے والوں کا ثواب کیا ہی اچھا ہے ۔

۱۳۷. تم سے پہلے بھی ایسے واقعات گزر چکے ہیں سو زمین میں چل پھر کر دیکھ لو (آسمانی تعلیم کے) جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہوا-۔

۱۳۸. عام لوگوں کے لئے تو یہ (قرآن) بیان ہے اور پرہیزگاروں کے لئے ہدایت اور نصیحت ہے ۔

۱۳۹. تم نہ سستی کرو اور نہ غمگین ہو تم ہی غالب رہو گے اگر تم ایماندار ہو ۔

۱۴۰. اگر تم زخمی ہوئے ہو تو تمہارے مخالف لوگ بھی تو ایسے ہی زخمی ہو چکے ہیں ہم دنوں کو لوگوں کے درمیان ادلتے بدلتے رہتے ہیں ، (شکست احد) اس لئے تھی کہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو ظاہر کردے اور تم میں سے بعض کو شہادت کا درجہ عطا فرمائے اللہ تعالیٰ ظالموں سے محبت نہیں کرتا ۔

وَلِيُمَحِّصَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَيَمْحَقَ ٱلْكَٰفِرِينَ ﴿١٤١﴾ أَمْ
اور تاکہ خالص کرلے | اللہ تعالیٰ | ان لوگوں کو | جو ایمان لائے | اور مٹا دے | کافروں کو | ٣:١٤١ | یا ۔ کیا

حَسِبْتُمْ أَن تَدْخُلُوا۟ ٱلْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ جَٰهَدُوا۟
سمجھا تم نے ۔ گمان کیا تم نے | کہ | تم داخل ہوجاؤ گے | جنت میں | حالانکہ نہیں | جانا | اللہ نے | ان لوگوں کو | جنہوں نے جہاد کیا ۔ جدوجہد کی

مِنكُمْ وَيَعْلَمَ ٱلصَّٰبِرِينَ ﴿١٤٢﴾ وَلَقَدْ كُنتُمْ تَمَنَّوْنَ ٱلْمَوْتَ مِن
تم میں سے | اور (نہیں) جانا | ان کو جو صبر کرنے والے ہیں | ٣:١٤٢ | اور البتہ تحقیق | تھے تم | تم تمنا کرتے | موت کی | سے

قَبْلِ أَن تَلْقَوْهُ فَقَدْ رَأَيْتُمُوهُ وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ ﴿١٤٣﴾ وَمَا مُحَمَّدٌ
اس سے پہلے | کہ | تم ملاقات کرو اس سے | تو تحقیق | دیکھ لیا تم نے اس کو | اور تم | تم دیکھ رہے تھے | ٣:١٤٣ | اور نہیں ہیں | محمد (صلی اللہ علیہ والہ وسلم)

إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِ ٱلرُّسُلُ ۚ أَفَإِي۟ن مَّاتَ أَوْ قُتِلَ
مگر | ایک رسول | تحقیق | گزر چکے | اپ سے پہلے | کئی رسول | کیا پھر اگر | وہ مرجائیں | یا | وہ قتل کردیے جائیں

ٱنقَلَبْتُمْ عَلَىٰٓ أَعْقَٰبِكُمْ ۚ وَمَن يَنقَلِبْ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ فَلَن يَضُرَّ
لوٹ جاؤ گے تم | اوپر | اپنی ایڑیوں کے | اور جو کوئی | لوٹ جائے گا | اوپر | اپنی دونوں ایڑیوں کے | تو ہرگز نہیں | نقصان دے گا

ٱللَّهَ شَيْـًٔا ۗ وَسَيَجْزِى ٱللَّهُ ٱلشَّٰكِرِينَ ﴿١٤٤﴾ وَمَا كَانَ
اللہ کو | کچھ بھی | اور عنقریب جزا دے گا | اللہ | شکر کرنے والوں کو | ٣:١٤٤ | اور نہیں | ہے

لِنَفْسٍ أَن تَمُوتَ إِلَّا بِإِذْنِ ٱللَّهِ كِتَٰبًا مُّؤَجَّلًا ۗ وَمَن يُرِدْ
کسی نفس کے لئے | کہ | مرجائے | مگر | اذن سے ۔ ساتھ اللہ کے اذن کے | اللہ کے | لکھا ہوا ہے | مقررہ وقت | اور جو کوئی ارادہ کرے گا

ثَوَابَ ٱلدُّنْيَا نُؤْتِهِۦ مِنْهَا وَمَن يُرِدْ ثَوَابَ ٱلْـَٔاخِرَةِ نُؤْتِهِۦ مِنْهَا ۚ
ثواب کا | دنیا کے | ہم دیں گے اس کو | اس میں سے | اور جو کوئی | ارادہ کرے گا | ثواب کا | آخرت کے | ہم دیں گے اس کو | اس میں سے

وَسَنَجْزِى ٱلشَّٰكِرِينَ ﴿١٤٥﴾ وَكَأَيِّن مِّن نَّبِىٍّ قَٰتَلَ مَعَهُۥ
اور عنقریب ہم جزا دیں گے | شکر کرنے والوں کو | ٣:١٤٥ | اور کتنے ہی | سے | نبیوں | جنگ کی ۔ لڑے اس کے ساتھ ۔ | ان کے ساتھ

رِبِّيُّونَ كَثِيرٌ فَمَا وَهَنُوا۟ لِمَآ أَصَابَهُمْ فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ وَمَا ضَعُفُوا۟
اللہ والوں نے ۔ اللہ والے | بہت سے | تو نہ | انہوں نے سستی دکھائی | واسطے اس کے | جو پہنچا ان کو | میں | راستے (میں) | اللہ کے | اور نہ | انہوں نے کمزوری دکھائی

وَمَا ٱسْتَكَانُوا۟ ۗ وَٱللَّهُ يُحِبُّ ٱلصَّٰبِرِينَ ﴿١٤٦﴾ وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ إِلَّآ أَن
اور نہ | وہ دبے | اور اللہ | محبت رکھتا ہے | صبر کرنے والوں سے | ٣:١٤٦ | اور نہ | تھا | ان کی بات | مگر | یہ کہ

قَالُوا۟ رَبَّنَا ٱغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِىٓ أَمْرِنَا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا
انہوں نے کہا | اے رب ہمارے، | بخش دے | واسطے ہمارے | ہمارے گناہ | اور ہماری زیادتیاں | میں | ہمارے معاملے (میں) | اور جما دے | ہمارے قدموں کو

وَٱنصُرْنَا عَلَى ٱلْقَوْمِ ٱلْكَٰفِرِينَ ﴿١٤٧﴾ فَـَٔاتَىٰهُمُ ٱللَّهُ ثَوَابَ
اور مدد فرما ہماری | اوپر | قوم کے | کافر (کافر قوم کے مقابلے پر) | ٣:١٤٧ | تو عطا کیا ان کو | اللہ نے | ثواب

ٱلدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ ٱلْـَٔاخِرَةِ ۗ وَٱللَّهُ يُحِبُّ ٱلْمُحْسِنِينَ ﴿١٤٨﴾
دنیا کا | اور اچھا ہے | ثواب | آخرت کا | اور اللہ | محبت رکھتا ہے | احسان کرنے والوں سے | ٣:١٤٨



**١٤١۔** (یہ بھی وجہ تھی) کہ اللہ تعالی ایمان والوں کو بالکل الگ کردے اور کافروں کو مٹا دے۔

**١٤٢۔** کیا تم یہ سمجھ بیٹھے ہو کہ تم جنت میں چلے جاؤ گے؟ حالانکہ اب تک اللہ تعالیٰ نے یہ ظاہر نہیں کیا کہ تم میں سے جہاد کرنے والے کون ہیں اور صبر کرنے والے کون ہیں۔

**١٤٣۔** جنگ سے پہلے تم شہادت کی آرزو میں تھے۔ اب اسے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا۔

**١٤٤۔** (حضرت) محمد صلی اللہ علیہ وسلم صرف رسول ہی ہیں۔ اس سے پہلے بہت سے رسول ہو چکے کیا اگر ان کا انتقال ہو جائے یا شہید ہوجائیں تو اسلام سے اپنی ایڑیوں کے بل پھر جاؤ گے اور جو کوئی پھر جائے اپنی ایڑیوں پر تو اللہ تعالیٰ کا کچھ نہ بگاڑے گا عنقریب اللہ تعالیٰ شکر گزاروں کو نیک بدلہ دے گا۔

**١٤٥۔** بغیر اللہ کے حکم کے کوئی جاندار نہیں مر سکتا مقرر شدہ وقت لکھا ہوا ہے دنیا کی چاہت والوں کو ہم دنیا دے دیتے ہیں اور آخرت کا ثواب چاہنے والوں کو ہم وہ بھی دے دیں گے۔ اور احسان ماننے والوں کو ہم بہت جلد نیک بدلہ دیں گے۔

**١٤٦۔** بہت سے نبیوں کے ہم رکاب ہو کر بہت سے اللہ والے جہاد کرچکے ہیں انہیں بھی اللہ کی راہ میں تکلیفیں پہنچیں لیکن نہ تو انہوں نے ہمت ہاری اور نہ سست رہے اور نہ دبے۔ اللہ صبر کرنے والوں کو ہی چاہتا ہے۔

**١٤٧۔** وہ یہی کہتے رہے کہ اے پروردگار! ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہم سے ہمارے کاموں میں جو بے جا زیادتی ہوئی ہے اسے بھی معاف فرما اور ہمیں ثابت قدمی عطا فرما اور ہمیں کافروں کی قوم پر مدد دے۔

**١٤٨۔** اللہ تعالی نے! انہیں دنیا کا ثواب بھی دیا اور آخرت کے ثواب کی خوبی بھی عطا فرمائی اور اللہ نیک لوگوں سے محبت کرتا ہے۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِن تُطِيعُواْ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ
اے | وہ لوگو | جو ایمان لائے ہو | اگر | تم اطاعت کرو | ان لوگوں کی | جنہوں نے کفر کیا

يَرُدُّوكُمْ عَلَىٰٓ أَعْقَٰبِكُمْ فَتَنقَلِبُواْ خَٰسِرِينَ
وہ پھیر دیں گے تم کو | اوپر | تمہاری ایڑیوں کے | تو لوٹ جاؤ گے تم - پلٹ جاؤ گے تم | خسارہ پانے والے ہوکر

١٤٩ بَلِ ٱللَّهُ مَوْلَىٰكُمْۖ وَهُوَ خَيْرُ ٱلنَّٰصِرِينَ ١٥٠ سَنُلْقِي
٣:١٤٩ | بلکہ | اللہ | مددگار ہے تمہارا | اور وہ | بہترین | مدد کرنے والا ہے | ٣:١٥٠ | عنقریب ہم ڈال دیں گے

فِي قُلُوبِ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ ٱلرُّعْبَ بِمَآ أَشْرَكُواْ بِٱللَّهِ
میں | دلوں (میں) | ان لوگوں کے | جنہوں نے کفر کیا | رعب کو | بوجہ اس کے جو | انہوں نے شرک کیا | ساتھ اللہ کے

مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِۦ سُلْطَٰنًاۖ وَمَأْوَىٰهُمُ ٱلنَّارُۖ وَبِئْسَ
جو | نہیں | اس نے نازل کیا | ساتھ اس کے | کوئی دلیل | اور ٹھکانہ ان کا | آگ ہے | اور کتنا برا ہے

مَثْوَى ٱلظَّٰلِمِينَ ١٥١ وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ ٱللَّهُ
ٹھکانہ | ظالموں کا - ان کا جو ظالم ہیں | ٣:١٥١ | اور البتہ تحقیق | سچ کیا تم سے - سچ کہا تم سے | اللہ نے

وَعْدَهُۥٓ إِذْ تَحُسُّونَهُم بِإِذْنِهِۦۖ حَتَّىٰٓ إِذَا فَشِلْتُمْ
اپنا وعدہ - اپنے وعدے کو | جب | تم قتل کر رہے تھے ان کو | اس کے اذن سے | یہاں تک کہ | جب | بزدلی دکھائی تم نے - ہمت ہار دی تم نے

وَتَنَٰزَعْتُمْ فِي ٱلْأَمْرِ وَعَصَيْتُم مِّنۢ بَعْدِ مَآ أَرَىٰكُم
اور جھگڑا کیا تم نے | میں | معاملے | اور نافرمانی کی تم نے | بعد اس کے | جو | اس نے دکھایا تم کو

مَّا تُحِبُّونَۚ مِنكُم مَّن يُرِيدُ ٱلدُّنْيَا وَمِنكُم مَّن
جو | تم پسند کرتے تھے | تم میں سے | کوئی | چاہتا ہے - تھا | دنیا کو | اور تم میں سے | کوئی

يُرِيدُ ٱلْءَاخِرَةَۚ ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْۖ
چاہتا ہے - تھا | آخرت کو | پھر | اس نے پھیر دیا تم کو | ان سے | تاکہ وہ آزمائے تم کو

وَلَقَدْ عَفَا عَنكُمْۗ وَٱللَّهُ ذُو فَضْلٍ عَلَى ٱلْمُؤْمِنِينَ
اور البتہ تحقیق | اس نے معاف کردیا | تم سے | اور اللہ | والا | فضل (والا ہے) | پر | مومنوں

٣/٤ الحزب ٧
١٥٢ * إِذْ تُصْعِدُونَ وَلَا تَلْوُۥنَ عَلَىٰٓ أَحَدٍ
٣:١٥٢ | جب | تم چڑھے جارہے تھے | اور نہ | تم مڑ کر دیکھتے تھے - اور تم پیچھے پھر کر نہ دیکھتے تھے | اوپر | کسی ایک کے

وَٱلرَّسُولُ يَدْعُوكُمْ فِيٓ أُخْرَىٰكُمْ فَأَثَٰبَكُمْ
اور رسول | بلا رہے تھے تم کو | سے | تمہارے پیچھے | تو اس نے دیا تم کو

غَمَّۢا بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُواْ عَلَىٰ مَا فَاتَكُمْ وَلَا
غم | ساتھ غم کے | تاکہ نہ | تم غم کرو | اوپر | اس کے جو | فوت ہوگیا تم سے - چلا گیا تم سے | اور نہ

مَآ أَصَٰبَكُمْۗ وَٱللَّهُ خَبِيرُۢ بِمَا تَعْمَلُونَ ١٥٣
جو | پہنچا تم کو | اور اللہ | خبر رکھنے والا ہے | اس کے بارے میں | تم عمل کرتے ہو | ٣:١٥٣

١٤٩. اے ایمان والو! اگر تم کافروں کی باتیں مانو گے تو وہ تمہیں تمہاری ایڑیوں کے پلٹا دیں گے (یعنی تمہیں مرتد بنا دیں گے) پھر تم نامراد ہو جاؤ گے۔

١٥٠. بلکہ اللہ تمہارا مولا ہے اور وہ ہی بہترین مددگار ہے۔

١٥١. ہم عنقریب کافروں کے دلوں میں رعب ڈال دیں گے، اس وجہ سے کہ یہ اللہ کے ساتھ ان چیزوں کو شریک کرتے ہیں جس کی کوئی دلیل اللہ نے نہیں اتاری اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور ان ظالموں کی بری جگہ ہے۔

١٥٢. اللہ تعالیٰ نے تم سے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا جبکہ تم اس کے حکم سے انہیں کاٹ رہے تھے یہاں تک کہ جب تم نے پست ہمتی اختیار کی اور کام میں جھگڑنے لگے اور نافرمانی کی اس کے بعد کہ اس نے تمہاری چاہت کی چیز تمہیں دکھا دی - تم میں سے بعض دنیا چاہتے تھے اور بعض کا ارادہ آخرت کا تھا تو پھر اس نے تمہیں ان سے پھیر دیا تاکہ تم کو آزمائے، اور یقیناً اس نے تمہاری لغزش سے درگزر فرمادیا اور ایمان والوں پر اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے۔

١٥٣. جب کہ تم چڑھے چلے جا رہے تھے اور کسی کی طرف توجہ تک نہیں کرتے تھے اور اللہ کے رسول تمہیں تمہارے پیچھے سے آوازیں دے رہے تھے بس تمہیں غم پر غم پہنچا تاکہ تم فوت شدہ چیز پر غمگین نہ ہو اور نہ پہنچنے والی (تکلیف) پر اداس ہو، اللہ تعالیٰ تمہارے تمام اعمال سے خبردار ہے۔

ثُمَّ أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّنۢ بَعْدِ ٱلْغَمِّ أَمَنَةً نُّعَاسًا يَغْشَىٰ طَآئِفَةً
پھر اتارا اس نے تم پر بعد غم کے امن والی - باعث سکون ایک اونگھ کو جس نے ڈھانپ لیا ایک گروہ کو

مِّنكُمْ ۖ وَطَآئِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ أَنفُسُهُمْ يَظُنُّونَ بِٱللَّهِ غَيْرَ
تم میں سے اور ایک گروہ تحقیق فکر میں ڈالا ان کو ان کے نفسوں نے وہ گمان کر رہے تھے اللہ کے بارے میں نا

ٱلْحَقِّ ظَنَّ ٱلْجَٰهِلِيَّةِ ۖ يَقُولُونَ هَل لَّنَا مِنَ ٱلْأَمْرِ مِن شَىْءٍ ۗ
حق جیسا کہ گمان کرنا ہوتا ہے جاہلیت کا وہ کہہ رہے تھے کیا ہمارے لئے ہے سے معاملے میں سے سے کوئی چیز - کچھ بھی

قُلْ إِنَّ ٱلْأَمْرَ كُلَّهُۥ لِلَّهِ ۗ يُخْفُونَ فِىٓ أَنفُسِهِم مَّا لَا يُبْدُونَ لَكَ ۖ
کہہ دیجئے بیشک معاملہ وہ سارے کا سارا اللہ ہی کے لئے ہے وہ چھپا رہے تھے میں اپنے نفسوں (میں) جو نہیں وہ ظاہر کر رہے تھے تیرے لئے

يَقُولُونَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ ٱلْأَمْرِ شَىْءٌ مَّا قُتِلْنَا هَٰهُنَا ۗ قُل لَّوْ كُنتُمْ
وہ کہہ رہے تھے اگر ہوتا ہمارے لئے سے معاملے میں سے کچھ - کوئی چیز نہ ہم قتل کیے جاتے اس جگہ کہہ دیجئے اگر ہوتے تم

فِى بُيُوتِكُمْ لَبَرَزَ ٱلَّذِينَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ ٱلْقَتْلُ إِلَىٰ مَضَاجِعِهِمْ ۖ
میں اپنے گھروں (میں) البتہ نکل پڑتے وہ لوگ لکھ دیا گیا - لکھا گیا جن پر قتل ہونا طرف اپنی قتل گاہوں کے

وَلِيَبْتَلِىَ ٱللَّهُ مَا فِى صُدُورِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِى قُلُوبِكُمْ ۗ
اور تاکہ آزمائے اللہ اس کو جو میں تمہارے سینوں (میں) ہے اور تاکہ چھانٹ دے جو میں تمہارے دلوں میں ہے

وَٱللَّهُ عَلِيمٌۢ بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ ﴿١٥٤﴾ إِنَّ ٱلَّذِينَ تَوَلَّوْا۟ مِنكُمْ
اور اللہ جاننے والا ہے بھید سینوں کے ۳:۱۵۴ بیشک وہ لوگ جو منہ موڑ گئے تم میں سے

يَوْمَ ٱلْتَقَى ٱلْجَمْعَانِ إِنَّمَا ٱسْتَزَلَّهُمُ ٱلشَّيْطَٰنُ بِبَعْضِ
جس دن آمنے سامنے ہوئیں - ملیں تھیں دو جماعتیں بیشک پھسلا دیا تھا ان کو شیطان نے ساتھ بعض کے

مَا كَسَبُوا۟ ۖ وَلَقَدْ عَفَا ٱللَّهُ عَنْهُمْ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٌ حَلِيمٌ ﴿١٥٥﴾ يَٰٓأَيُّهَا
جو انہوں نے کمائی کی اور البتہ تحقیق معاف کردیا اللہ نے ان کو بیشک اللہ بخشنے والا بردبار ہے ۳:۱۵۵ اے

ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تَكُونُوا۟ كَٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ وَقَالُوا۟ لِإِخْوَٰنِهِمْ إِذَا
وہ لوگو جو ایمان لائے ہو نہ تم ہوجاؤ ان لوگوں کی طرح جنہوں نے کفر کیا اور انہوں نے کہا واسطے اپنے بھائیوں کے جب

ضَرَبُوا۟ فِى ٱلْأَرْضِ أَوْ كَانُوا۟ غُزًّى لَّوْ كَانُوا۟ عِندَنَا مَا مَاتُوا۟
وہ چلے پھرے میں زمین (میں) یا تھے وہ لڑنے والے اگر وہ ہوتے ہمارے پاس نہ وہ مرتے

وَمَا قُتِلُوا۟ لِيَجْعَلَ ٱللَّهُ ذَٰلِكَ حَسْرَةً فِى قُلُوبِهِمْ ۗ وَٱللَّهُ يُحْىِۦ
اور نہ وہ قتل کیے جاتے تاکہ کردے اللہ اس کو حسرت کا سبب میں ان کے دلوں (میں) اور اللہ زندہ کرتا ہے

وَيُمِيتُ ۗ وَٱللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿١٥٦﴾ وَلَئِن قُتِلْتُمْ فِى سَبِيلِ
اور موت دیتا ہے اور اللہ ساتھ اس کے جو تم کرتے ہو دیکھنے والا ہے ۳:۱۵۶ اور البتہ اگر مارے گئے تم میں راستہ

ٱللَّهِ أَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ ٱللَّهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ ﴿١٥٧﴾
اللہ کے یا مرگئے تم البتہ بخشش ہے سے اللہ کی طرف اور رحمت وہ بہتر ہے اس سے جو وہ جمع کر رہے ہیں ۳:۱۵۷

۱۵۴. پھر اس نے اس غم کے بعد تم پر امن نازل فرمایا اور تم میں سے ایک جماعت کو امن کی نیند آنے لگی، ہاں کچھ وہ لوگ بھی تھے کہ انہیں اپنی جانوں کی پڑی ہوئی تھی - وہ اللہ تعالٰی کے ساتھ ناحق جہالت بھری بدگمانیاں کر رہے تھے اور کہتے تھے کہ ہمیں بھی کسی چیز کا اختیار ہے، کہہ دیجئے کام کل کا کل اللہ کے اختیار میں ہے، یہ لوگ اپنے دلوں کے بھید آپ کو نہیں بتاتے، کہتے ہیں کہ ہمیں کچھ بھی اختیار ہوتا تو یہاں قتل نہ کئے جاتے، آپ کہہ دیجئے گو تم اپنے گھروں میں بھی ہوتے پھر بھی جن کی قسمت میں قتل ہونا تھا وہ تو مقتل کی طرف چل کھڑے ہوتے، اللہ تعالٰی کو تمہارے سینوں کے اندر کی چیز کا آزمانا اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اس کو پاک کرنا تھا، اور اللہ تعالٰی سینوں کے بھید سے آگاہ ہے۔-

۱۵۵. تم میں سے جن لوگوں نے اس دن پیٹھ دکھائی جس دن دونوں جماعتوں کی مڈ بھیڑ ہوئی تھی یہ لوگ اپنے بعض کرتوتوں کے باعث شیطان کے پھسلانے پر آگئے، لیکن یقین جانو کہ اللہ تعالٰی نے انہیں معاف کر دیا، بے شک اللہ تعالٰی بخشنے والا اور تحمل والا ہے۔

۱۵۶. اے ایمان والو! تم ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے کفر کیا اپنے بھائیوں کے حق میں جب کہ وہ سفر میں ہوں یا جہاد میں کہا اگر ہمارے پاس ہوتے نہ مرتے اور نہ مارے جاتے، اس کی وجہ یہ تھی کہ اس خیال کو اللہ تعالٰی ان کی دلی حسرت کا سبب بنا دے، اور اللہ تعالٰی جلاتا اور مارتا ہے اور اللہ تمہارے عمل کو دیکھ رہا ہے۔

۱۵۷. قسم ہے اگر اللہ تعالٰی کی راہ میں شہید کئے جاؤ یا اپنی موت مرو تو بیشک اللہ تعالٰی کی بخشش اور رحمت اس سے بہتر ہے جسے یہ جمع کر رہے ہیں۔

وَلَئِن مُّتُّمْ أَوْ قُتِلْتُمْ لَإِلَى اللَّهِ تُحْشَرُونَ ﴿١٥٨﴾ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللَّهِ
اور البتہ اگر مر بھی جاؤ تم یا قتل کیے جاؤ تم البتہ طرف اللہ کی تم اکٹھے کیے جاؤ گے ۳:۱۵۸ پس بوجہ اس کے جو۔تو ساتھ کس رحمت ہے۔ رحمت کے سے اللہ کی طرف (سے)

لِنتَ لَهُمْ ۖ وَلَوْ كُنتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ لَانفَضُّوا مِنْ حَوْلِكَ ۖ
تم نرم دل ہو۔ تم نرم دل ہوئے ان کے لیے اور اگر ہوتے تم تندخو سخت دل البتہ منتشر ہوجاتے سے تیرے آس پاس

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ ۖ فَإِذَا عَزَمْتَ
پس درگزر کیجیے ان سے اور بخشش مانگیے ان کے لیے اور مشورہ کرو ان سے میں معاملات (میں)- معاملہ میں پھر جب پختہ ارادہ کریں آپ

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِينَ ﴿١٥٩﴾ إِن يَنصُرْكُمُ اللَّهُ
تو بھروسہ کریں پر اللہ بیشک اللہ تعالیٰ محبت رکھتا ہے بھروسہ کرنے والوں سے ۳:۱۵۹ اگر مدد کرے تمہاری اللہ

فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۖ وَإِن يَخْذُلْكُمْ فَمَن ذَا الَّذِي يَنصُرُكُم مِّن
تو نہیں کوئی غالب آنے والا تم پر اور اگر وہ چھوڑ دے تم کو تو کون وہ جو مدد کرے تمہاری سے

بَعْدِهِ ۗ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ﴿١٦٠﴾ وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَن
اس کے بعد اور پر اللہ ہی پس چاہیے کہ توکل کیا کریں مومن - ایمان والے ۳:۱۶۰ اور نہیں ہے (مناسب) کسی نبی کے لیے کہ

يَغُلَّ ۚ وَمَن يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفَّىٰ كُلُّ
وہ خیانت کرے اور جو کوئی خیانت کرے گا وہ لے آئے گا ساتھ اس کے جو اس نے خیانت کی دن قیامت کے پھر پورا پورا دیا جائے گا ہر

نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿١٦١﴾ أَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ
شخص کو جو اس نے کمائی کی اور وہ نہ ظلم کیے جائیں گے ۳:۱۶۱ کیا بھلا جو پیروی کرے رضا کی

اللَّهِ كَمَن بَاءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللَّهِ وَمَأْوَاهُ جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ
اللہ کی اس شخص کی طرح ہوسکتا جو پلٹے ہے جو ناراضگی کے ساتھ سے اللہ کی طرف اور ٹھکانہ اس کا جہنم ہے اور کتنی بری ہے لوٹنے کی جگہ

﴿١٦٢﴾ هُمْ دَرَجَاتٌ عِندَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِمَا يَعْمَلُونَ ﴿١٦٣﴾ لَقَدْ
۳:۱۶۲ وہ درجوں میں ہیں نزدیک اللہ کے اور اللہ دیکھنے والا ہے اس کو جو وہ عمل کرتے ہیں ۳:۱۶۳ البتہ تحقیق

مَنَّ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ إِذْ بَعَثَ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْ أَنفُسِهِمْ
احسان کیا اللہ نے پر مومنوں جب بھیجا ان میں ایک رسول سے ان کے نفسوں میں

يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ
وہ پڑھتا ہے- تلاوت کرتا ہے ان پر اس کی آیات اور وہ پاک کرتا ہے ان کو اور وہ سکھاتا ہے ان کو کتاب

وَالْحِكْمَةَ وَإِن كَانُوا مِن قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿١٦٤﴾ أَوَلَمَّا
اور حکمت اور اگرچہ تھے وہ سے اس سے پہلے البتہ میں گمراہی (میں) کھلی ۳:۱۶۴ کیا بھلا جب

أَصَابَتْكُم مُّصِيبَةٌ قَدْ أَصَبْتُم مِّثْلَيْهَا قُلْتُمْ أَنَّىٰ هَٰذَا ۖ
پہنچتی تم کو کوئی مصیبت تحقیق پہنچائی تم نے اس سے دوگنی کہا تم نے کہاں سے آتی ہے یہ

قُلْ هُوَ مِنْ عِندِ أَنفُسِكُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿١٦٥﴾
کہہ دیجیے وہ سے کی طرف تمہارے نفسوں کی (طرف سے ہے) بیشک اللہ اوپر ہر چیز کے قدرت رکھنے والا ہے ۳:۱۶۵

۱۵۸. بالیقین خواہ تم مر جاؤ یا مار ڈالے جاؤ جمع تو اللہ تعالیٰ کی طرف ہی کئے جاؤ گے۔

۱۵۹. اللہ تعالیٰ کی رحمت کے باعث آپ ان پر رحم دل ہیں اور اگر آپ بدزبان اور سخت دل ہوتے تو یہ سب آپ کے پاس سے چھٹ جاتے سو آپ ان سے درگزر کریں اور ان کے لئے استغفار کریں اور کام کا مشورہ ان سے کیا کریں پھر جب آپ کا پختہ ارادہ ہو جائے تو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کریں، بیشک اللہ تعالیٰ توکل کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

۱۶۰. اگر اللہ تعالیٰ تمہاری مدد کرے تو تم پر کوئی غالب نہیں آسکتا اگر وہ تمہیں چھوڑ دے تو اس کے بعد کون ہے جو تمہاری مدد کرے ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہئے۔

۱۶۱. ناممکن ہے کہ نبی سے خیانت ہو جائے ہر خیانت کرنے والا خیانت کو لئے ہوئے قیامت کے دن حاضر ہوگا پھر ہر شخص اپنے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا اور وہ ظلم نہ کئے جائیں گے۔

۱۶۲. کیا پس وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے درپے ہے اس شخص جیسا ہے جو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی لے کر لوٹتا ہے؟ اور جس کی جگہ جہنم ہے جو بدترین جگہ ہے۔

۱۶۳. اللہ تعالیٰ کے پاس ان کے الگ الگ درجے ہیں اور ان کے تمام اعمال کو اللہ بخوبی دیکھ رہا ہے۔

۱۶۴. بیشک مسلمانوں پر اللہ تعالیٰ کا بڑا احسان ہے کہ انہیں میں سے ایک رسول ان میں بھیجا جو انہیں اس کی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب اور حکمت سکھاتا ہے یقیناً یہ سب اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔

۱۶۵. (کیا بات ہے) کہ جب تمہیں ایک ایسی تکلیف پہنچی کہ تم اس جیسی دو چند پہنچا چکے تو یہ کہنے لگے یہ کہاں سے آگئی؟ آپ کہہ دیجئے کہ یہ خود تمہاری طرف سے ہے، بیشک اللہ تعالیٰ ہرچیز پر قادر ہے۔

وَمَآ أَصَٰبَكُمْ يَوْمَ ٱلْتَقَى ٱلْجَمْعَانِ فَبِإِذْنِ ٱللَّهِ وَلِيَعْلَمَ ٱلْمُؤْمِنِينَ
اور جو کچھ | پہنچا تم کو | جس دن | مڈبھیڑ ہوئی تھی | دو جماعتیں | پس اذن سے | اللہ کے | اور تاکہ وہ جان لے | مومنوں کو

١٦٦ وَلِيَعْلَمَ ٱلَّذِينَ نَافَقُوا۟ ۚ وَقِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا۟ قَٰتِلُوا۟ فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ
٣:١٦٦ | اور تاکہ وہ جان لے | ان لوگوں کو | جنہوں نے منافقت کی | اور جبکہ کہا گیا | ان کو | آؤ | جنگ کرو | میں | راستے | اللہ کے

أَوِ ٱدْفَعُوا۟ ۖ قَالُوا۟ لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّٱتَّبَعْنَٰكُمْ ۗ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ
یا | مدافعت کرو | انہوں نے کہا | اگر | ہم جانتے ہوتے | جنگ کرنا | البتہ ہم پیروی کرتے تمہاری | وہ | کفر کے لئے | اس دن

أَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْإِيمَٰنِ ۚ يَقُولُونَ بِأَفْوَٰهِهِم مَّا لَيْسَ فِى قُلُوبِهِمْ ۗ
زیادہ قریب تھے | ان سے | ایمان کے لئے - بہ نسبت ایمان کے | وہ کہہ رہے تھے | اپنے مونہوں کے ساتھ | جو | نہیں تھا | میں | ان کے دلوں

وَٱللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُونَ ١٦٧ ٱلَّذِينَ قَالُوا۟ لِإِخْوَٰنِهِمْ وَقَعَدُوا۟
اور اللہ | زیادہ جانتا ہے | ساتھ اس کے | جو وہ چھپاتے ہیں | ٣:١٦٧ | وہ لوگ | جنہوں نے کہا | اپنے بھائیوں کے واسطے | اور وہ خود بیٹھ گئے

لَوْ أَطَاعُونَا مَا قُتِلُوا۟ ۗ قُلْ فَٱدْرَءُوا۟ عَنْ أَنفُسِكُمُ ٱلْمَوْتَ إِن
اگر | وہ اطاعت کرتے ہماری | نہ | وہ مارے جاتے - نہ وہ قتل کیے جاتے | کہہ دیجئے | پس ہٹا لو | سے | اپنے نفسوں سے | موت کو | اگر

كُنتُمْ صَٰدِقِينَ ١٦٨ وَلَا تَحْسَبَنَّ ٱلَّذِينَ قُتِلُوا۟ فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ
ہو تم | سچے | ٣:١٦٨ | اور نہ | تم خیال کرو | ان لوگوں کو | جو مارے گئے | میں | راستے | اللہ کے

أَمْوَٰتًۢا ۚ بَلْ أَحْيَآءٌ عِندَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ ١٦٩ فَرِحِينَ بِمَآ ءَاتَىٰهُمُ
مردہ | بلکہ | زندہ ہیں | ہاں | اپنے رب کے | وہ رزق دیے جاتے ہیں | ٣:١٦٩ | خوش ہیں | ساتھ اس کے جو | عطا کیا ان کو

ٱللَّهُ مِن فَضْلِهِۦ وَيَسْتَبْشِرُونَ بِٱلَّذِينَ لَمْ يَلْحَقُوا۟ بِهِم
اللہ نے | سے | اپنے فضل | اور وہ خوشخبری پاتے ہیں | ان لوگوں کے بارے میں | نہیں | وہ ملے | ان کو

مِّنْ خَلْفِهِمْ أَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ١٧٠ ۞ يَسْتَبْشِرُونَ
سے | ان کے پیچھے | کہ نہیں | کوئی خوف | ان پر | اور نہ | وہ | غمگین ہوں گے | ٣:١٧٠ | وہ خوش ہوتے ہیں

الحزب ٨

بِنِعْمَةٍ مِّنَ ٱللَّهِ وَفَضْلٍ وَأَنَّ ٱللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ
نعمت پر | سے | اللہ کی طرف | اور فضل پر | اور بیشک | اللہ تعالیٰ | نہیں | ضائع کرتا | اجر

ٱلْمُؤْمِنِينَ ١٧١ ٱلَّذِينَ ٱسْتَجَابُوا۟ لِلَّهِ وَٱلرَّسُولِ مِنۢ بَعْدِ مَآ أَصَابَهُمُ
ایمان والوں کا | ٣:١٧١ | وہ لوگ | جنہوں نے لبیک کہا | اللہ کے لئے | اور رسول کے لئے | اس کے بعد | جو | پہنچا ان کو

ٱلْقَرْحُ ۚ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا۟ مِنْهُمْ وَٱتَّقَوْا۟ أَجْرٌ عَظِيمٌ ١٧٢
زخم | ان لوگوں کے لئے | جنہوں نے احسان کیا - جنہوں نے نیکی کی | ان میں سے | اور تقویٰ اختیار کیا | اجر ہے | بہت بڑا | ٣:١٧٢

ٱلَّذِينَ قَالَ لَهُمُ ٱلنَّاسُ إِنَّ ٱلنَّاسَ قَدْ جَمَعُوا۟ لَكُمْ فَٱخْشَوْهُمْ
وہ لوگ | کہا | ان کو | لوگوں نے | بیشک | لوگ - گروہ | تحقیق | جمع ہوگئے ہیں | تمہارے لئے | پس ڈرو ان سے

فَزَادَهُمْ إِيمَٰنًا وَقَالُوا۟ حَسْبُنَا ٱللَّهُ وَنِعْمَ ٱلْوَكِيلُ ١٧٣
اس (بات) نے بڑھا دیا ان کو | ایمان میں | اور کہا انہوں نے | کافی ہے ہم کو | اللہ | اور کتنا اچھا | کارساز ہے | ٣:١٧٣

١٦٦. تمہیں جو کچھ اس دن پہنچا جس دن دو جماعتوں میں مڈبھیڑ ہوئی تھی وہ سب اللہ کے حکم سے تھا اس لئے تاکہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو ظاہری طور پر جان لے۔

١٦٧. اور منافقوں کو بھی معلوم کرلے جن سے کہا گیا کہ آؤ اللہ کی راہ میں جہاد کرو یا کافروں کو ہٹاؤ تو وہ کہنے لگے کہ اگر ہم لڑائی جانتے ہوتے تو ضرور ساتھ دیتے، وہ اس دن بہ نسبت ایمان کے کفر کے بہت نزدیک تھے، اپنے منہ سے وہ باتیں بناتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے جسے وہ چھپاتے ہیں۔

١٦٨. یہ وہ لوگ ہیں جو خود بھی بیٹھے رہے اور اپنے بھائیوں کی بابت کہا کہ اگر وہ بھی ہماری بات مان لیتے تو قتل نہ کئے جاتے کہہ دیجئے! کہ اگر تم سچے ہو تو اپنی جانوں سے موت کو ہٹا دو۔

١٦٩. جو لوگ اللہ کی راہ میں شہید کئے گئے ان کو ہرگز مردہ نہ سمجھیں، بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے رب کے پاس روزیاں دیئے جاتے ہیں۔

١٧٠. اللہ تعالیٰ نے فضل جو انہیں دے رکھا ہے ان سے وہ بہت خوش ہیں اور خوشیاں منا رہے ہیں ان لوگوں کی بابت جو اب تک ان کو نہیں ملے ان کے پیچھے ہیں، اس پر انہیں نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہونگے۔

١٧١. وہ خوش ہوتے ہیں کہ اللہ کی نعمت اور فضل سے اور اس سے بھی کہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کے اجر کو برباد نہیں کرتا۔

١٧٢. جن لوگوں نے اللہ اور رسول کے حکم کو قبول کیا اس کے بعد کہ انہیں پورے زخم لگ چکے تھے ان میں سے جنہوں نے نیکی کی اور پرہیز گاری برتی ان کے لئے بہت زیادہ اجر ہے۔

١٧٣. وہ لوگ جب ان سے لوگوں نے کہا کہ کافروں نے تمہارے مقابلے میں لشکر جمع کر لئے ہیں۔ تم ان سے خوف کھاؤ تو اس بات نے انہیں ایمان میں اور بڑھا دیا اور کہنے لگے ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ بہت اچھا کارساز ہے۔

فَٱنقَلَبُوا۟ بِنِعْمَةٍ مِّنَ ٱللَّهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوٓءٌ وَٱتَّبَعُوا۟
اور وہ پلٹ آئے | ساتھ نعمت کے | سے | اللہ کی طرف | اور فضل کے | نہیں | چھوا ان کو | کسی تکلیف نے - کسی نقصان نے | اور انہوں نے پیروی کی

رِضْوَٰنَ ٱللَّهِ ۗ وَٱللَّهُ ذُو فَضْلٍ عَظِيمٍ ﴿١٧٤﴾ إِنَّمَا ذَٰلِكُمُ ٱلشَّيْطَٰنُ
رضا کی | اللہ کی | اور اللہ | والا ہے | فضل | بڑے | ٣:١٧٤ | بیشک | یہ | شیطان ہے

يُخَوِّفُ أَوْلِيَآءَهُۥ فَلَا تَخَافُوهُمْ وَخَافُونِ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٧٥﴾
جو ڈراتا ہے | اپنے دوستوں کو | تو نہ | تم ڈرو ان سے | اور ڈرو مجھ سے | اگر | ہو تم | مومن - ایمان لانے والے | ٣:١٧٥

وَلَا يَحْزُنكَ ٱلَّذِينَ يُسَٰرِعُونَ فِى ٱلْكُفْرِ ۚ إِنَّهُمْ لَن يَضُرُّوا۟ ٱللَّهَ
اور نہ | غمگین کریں تجھ کو | وہ لوگ | جو جلدی کرتے ہیں | میں | کفر | بیشک وہ | ہرگز نہیں | نقصان دے سکتے | اللہ کو

شَيْـًٔا ۗ يُرِيدُ ٱللَّهُ أَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِى ٱلْءَاخِرَةِ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ
کچھ بھی | چاہتا ہے | اللہ | کہ نہ | رکھے | ان کے لیے | کوئی حصہ | میں | آخرت (میں) | اور ان کے لیے | عذاب ہے

عَظِيمٌ ﴿١٧٦﴾ إِنَّ ٱلَّذِينَ ٱشْتَرَوُا۟ ٱلْكُفْرَ بِٱلْإِيمَٰنِ لَن يَضُرُّوا۟ ٱللَّهَ
بڑا | ٣:١٧٦ | بیشک | وہ لوگ | جنہوں نے خرید لیا | کفر کو | بدلے ایمان کے | ہرگز نہیں | وہ نقصان دے سکتے | اللہ کو

شَيْـًٔا وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٧٧﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُوٓا۟ أَنَّمَا
کچھ بھی | اور ان کے لئے | عذاب ہے | دردناک | ٣:١٧٧ | اور نہ | گمان کریں | وہ لوگ | جنہوں نے کفر کیا | بیشک جو

نُمْلِى لَهُمْ خَيْرٌ لِّأَنفُسِهِمْ ۚ إِنَّمَا نُمْلِى لَهُمْ لِيَزْدَادُوٓا۟ إِثْمًا ۚ وَلَهُمْ
ڈھیل دے رہے ہیں | واسطے ان کے | بہتر ہے | ان کے نفسوں کے لئے | بیشک | ہم مہلت دے رہے ہیں | واسطے ان کے | تاکہ وہ بڑھ جائیں | گناہ میں | اور ان کے لئے

عَذَابٌ مُّهِينٌ ﴿١٧٨﴾ مَّا كَانَ ٱللَّهُ لِيَذَرَ ٱلْمُؤْمِنِينَ عَلَىٰ مَآ أَنتُمْ
عذاب ہے | رسوا کرنے والا | ٣:١٧٨ | نہیں | ہے | اللہ | کہ چھوڑ دے | مومنوں کو | اوپر | (اس کے) جو | ہو تم

عَلَيْهِ حَتَّىٰ يَمِيزَ ٱلْخَبِيثَ مِنَ ٱلطَّيِّبِ ۗ وَمَا كَانَ ٱللَّهُ لِيُطْلِعَكُمْ
اوپر اس کے (جس حال پر ہو) | یہاں تک کہ وہ چھانٹ دے | ناپاک کو | سے | پاک سے | اور نہیں | ہے | اللہ تعالیٰ | کہ آگاہ کرے تم کو

عَلَى ٱلْغَيْبِ وَلَٰكِنَّ ٱللَّهَ يَجْتَبِى مِن رُّسُلِهِۦ مَن يَشَآءُ ۖ فَـَٔامِنُوا۟ بِٱللَّهِ
اوپر | غیب کے | اور لیکن | اللہ تعالیٰ | چن لیتا ہے | سے | اپنے رسولوں میں سے | جس کو | چاہتا ہے | پس ایمان لاؤ | اللہ پر

وَرُسُلِهِۦ ۚ وَإِن تُؤْمِنُوا۟ وَتَتَّقُوا۟ فَلَكُمْ أَجْرٌ عَظِيمٌ ﴿١٧٩﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ
اور اس کے رسولوں پر | اور اگر | تم ایمان لاؤ گے | اور تقوی کرو گے | تو تمہارے لئے ہے | اجر | بہت بڑا | ٣:١٧٩ | اور نہ | گمان کریں

ٱلَّذِينَ يَبْخَلُونَ بِمَآ ءَاتَىٰهُمُ ٱللَّهُ مِن فَضْلِهِۦ هُوَ خَيْرًا لَّهُم ۖ
وہ لوگ | جو بخل کرتے ہیں | ساتھ اس کے جو | عطا کیا ان کو | اللہ نے | سے | اپنے فضل سے | وہ | اچھا ہے - بہتر ہے | ان کے لئے

بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ۖ سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا۟ بِهِۦ يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ ۗ وَلِلَّهِ
بلکہ | وہ | برا ہے | ان کے لئے | عنقریب وہ طوق پہنائے جائیں گے جو - اس کا | جو | انہوں نے بخل کیا | ساتھ اس کے | دن | قیامت کے | اور اللہ ہی کے لئے ہے

مِيرَٰثُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۗ وَٱللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ﴿١٨٠﴾
میراث | آسمانوں کی | اور زمین کی | اور اللہ | ساتھ اس کے جو | تم عمل کرتے ہو | باخبر ہے | ٣:١٨٠

4

١٧٤. (نتیجہ یہ ہوا) کہ اللہ کی نعمت اور فضل کے ساتھ یہ لوٹے - انہیں کوئی برائی نہیں پہنچی انہوں نے اللہ تعالیٰ کی رضامندی کی پیروی کی اللہ بہت بڑے فضل والا ہے -

١٧٥. یہ خبر دینے والا شیطان ہی ہے جو اپنے دوستوں سے ڈراتا ہے، تم ان کافروں سے نہ ڈرو اور میرا خوف رکھو اگر تم مومن ہو

١٧٦. کفر میں آگے بڑھنے والے لوگ تجھے غمناک نہ کریں یقین مانو یہ اللہ تعالیٰ کا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے اللہ تعالیٰ کا ارادہ ہے کہ ان کے لئے آخرت کا کوئی حصہ عطا نہ کرے اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے -

١٧٧. کفر کو ایمان کے بدلے خریدنے والے ہرگز ہرگز اللہ تعالیٰ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے اور ان ہی کے لئے سخت المناک عذاب ہے -

١٧٨. کافر لوگ ہماری دی ہوئی مہلت کو اپنے حق میں بہتر نہ سمجھیں، یہ مہلت تو اس لئے ہے کہ وہ گناہوں میں اور بڑھ جائیں، ان ہی کے لئے ذلیل کرنے والا عذاب ہے -

١٧٩. جس حال میں تم ہو اسی پر اللہ ایمان والوں کو نہ چھوڑے گا جب تک کہ پاک اور ناپاک الگ الگ نہ کردے اور نہ اللہ تعالیٰ ایسا ہے کہ تمہیں غیب سے آگاہ کر دے، بلکہ اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں میں سے جس کا چاہے انتخاب کر لیتا ہے، اس لئے تم اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھو اگر تم ایمان لاؤ اور تقویٰ کرو تو تمہارے لئے بڑا بھاری اجر ہے -

١٨٠. جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے کچھ دے رکھا ہے وہ اس میں اپنی کنجوسی کو اپنے لئے بہتر خیال نہ کریں بلکہ وہ ان کے لئے بدتر ہے عنقریب قیامت والے دن یہ اپنی کنجوسی کی چیز کے طوق ڈالے جائیں گے، آسمانوں اور زمین کی میراث اللہ ہی کے لئے اور جو کچھ تم کر رہے ہو اس سے اللہ تعالیٰ آگاہ ہے

لَقَدۡ سَمِعَ ٱللَّهُ قَوۡلَ ٱلَّذِينَ قَالُوٓاْ إِنَّ ٱللَّهَ فَقِيرٞ وَنَحۡنُ أَغۡنِيَآءُۘ
البتہ تحقیق | سن لی | اللہ نے | بات | ان لوگوں کی | جنہوں نے کہا | بیشک | اللہ | محتاج ہے - فقیر ہے | اور ہم | غنی ہیں - امیر ہیں

سَنَكۡتُبُ مَا قَالُواْ وَقَتۡلَهُمُ ٱلۡأَنۢبِيَآءَ بِغَيۡرِ حَقّٖ وَنَقُولُ
عنقریب ہم لکھ لیں گے اس کو | جو | انہوں نے کہا ہے | اور قتل کرنا ان کا | نبیوں کو | نا | حق | اور ہم کہیں گے

ذُوقُواْ عَذَابَ ٱلۡحَرِيقِ ١٨١ ذَٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتۡ أَيۡدِيكُمۡ
چکھو | عذاب | جلنے کا | ۳:۱۸۱ | یہ | بوجہ اس کے جو | آگے بھیجا | تمہارے ہاتھوں نے

وَأَنَّ ٱللَّهَ لَيۡسَ بِظَلَّامٖ لِّلۡعَبِيدِ ١٨٢ ٱلَّذِينَ قَالُوٓاْ إِنَّ ٱللَّهَ
اور بیشک | اللہ تعالیٰ | نہیں ہے | بہت ظلم کرنے والا | بندوں پر | ۳:۱۸۲ | وہ لوگ | جنہوں نے کہا | بیشک | اللہ نے

عَهِدَ إِلَيۡنَآ أَلَّا نُؤۡمِنَ لِرَسُولٍ حَتَّىٰ يَأۡتِيَنَا بِقُرۡبَانٖ
عہد لے رکھا ہے | ہم سے | کہ نہ | ہم ایمان لائیں | کسی رسول کے لئے | یہاں تک کہ | وہ لائے ہمارے پاس | ایک قربانی

تَأۡكُلُهُ ٱلنَّارُۗ قُلۡ قَدۡ جَآءَكُمۡ رُسُلٞ مِّن قَبۡلِي بِٱلۡبَيِّنَٰتِ
کھاجائے اس کو | آگ | کہہ دیجئے | تحقیق آئے تھے تمہارے پاس | کئی رسول | سے | مجھ سے پہلے | ساتھ روشن دلائل کے

وَبِٱلَّذِي قُلۡتُمۡ فَلِمَ قَتَلۡتُمُوهُمۡ إِن كُنتُمۡ صَٰدِقِينَ
اور ساتھ اس چیز کے جو | کہا تم نے | توکیوں | قتل کیا تم نے ان کو | اگر | ہو تم | سچے

١٨٣ فَإِن كَذَّبُوكَ فَقَدۡ كُذِّبَ رُسُلٞ مِّن قَبۡلِكَ جَآءُو
۳:۱۸۳ | پھر اگر | انہوں نے جھٹلایا تجھ کو | توتحقیق | جھٹلائے گئے | کئی رسول | اپ سے پہلے | وہ لائے

بِٱلۡبَيِّنَٰتِ وَٱلزُّبُرِ وَٱلۡكِتَٰبِ ٱلۡمُنِيرِ ١٨٤ كُلُّ نَفۡسٖ
روشن دلائل | اور صحیفے | اور کتاب | روشن | ۳:۱۸۴ | ہر | نفس

ذَآئِقَةُ ٱلۡمَوۡتِۗ وَإِنَّمَا تُوَفَّوۡنَ أُجُورَكُمۡ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِۖ
چکھنے والا ہے | موت کو | اور بیشک | تم پورے کر کے دیے جاؤ گے | اپنے اجر | دن | قیامت

فَمَن زُحۡزِحَ عَنِ ٱلنَّارِ وَأُدۡخِلَ ٱلۡجَنَّةَ فَقَدۡ فَازَۗ وَمَا
تو جو کوئی | دور کیا گیا - ہٹا دیا گیا | سے | آگ | اور داخل کردیا گیا | جنت میں | توتحقیق | وہ کامیاب ہوا | اور نہیں

١/٤ الحزب ٨
ٱلۡحَيَوٰةُ ٱلدُّنۡيَآ إِلَّا مَتَٰعُ ٱلۡغُرُورِ ١٨٥ ۞ لَتُبۡلَوُنَّ فِيٓ
زندگی | دنیا کی | مگر | سامان | دھوکے کا | ۳:۱۸۵ | البتہ ضرور آزمائے جاؤ گے | میں

أَمۡوَٰلِكُمۡ وَأَنفُسِكُمۡ وَلَتَسۡمَعُنَّ مِنَ ٱلَّذِينَ أُوتُواْ
اپنے مالوں | اور اپنے نفسوں میں | اور البتہ تم ضرور سنو گے | سے | ان لوگوں | جو دیے گئے

ٱلۡكِتَٰبَ مِن قَبۡلِكُمۡ وَمِنَ ٱلَّذِينَ أَشۡرَكُوٓاْ أَذٗى كَثِيرٗاۚ
کتاب | تم سے پہلے | اور سے | ان لوگوں سے | جنہوں نے شرک کیا | اذیت - تکلیف | بہت سی

وَإِن تَصۡبِرُواْ وَتَتَّقُواْ فَإِنَّ ذَٰلِكَ مِنۡ عَزۡمِ ٱلۡأُمُورِ ١٨٦
اور اگر | تم صبر کرو | اور تم تقوی کرو | تو بیشک | یہ | سے | عزم کے | یہ بڑی ہمت کے کاموں میں سے ہے | ۳:۱۸۶

۱۸۱۔ یقیناً اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کا قول بھی سنا جنہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ فقیر ہے اور ہم تونگر ہیں۔ ان کے اس قول کو ہم لکھ لیں گے۔ اور ان کا انبیاء کو قتل کرنا بھی۔ اور ہم ان سے کہیں گے کہ جلانے والا عذاب چکھو۔

۱۸۲۔ یہ تمہارے پیش کردہ اعمال کا بدلہ ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔

۱۸۳۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم دیا ہے کہ کسی رسول کو نہ مانیں جب تک وہ ہمارے پاس ایسی قربانی نہ لائے جسے آگ کھا جائے آپ کہہ دیجئے کہ اگر تم سچے ہو تو مجھ سے پہلے تمہارے پاس جو رسول دیگر معجزوں کے ساتھ یہ بھی لائے جسے تم کہہ رہے ہو پھر تم نے انہیں کیوں مار ڈالا۔

۱۸۴۔ پھر بھی یہ لوگ آپ کو جھٹلائیں تو آپ سے پہلے بھی بہت سے وہ رسول جھٹلائے گئے جو روشن دلیلیں صحیفے اور منور کتاب لے کر آئے۔

۱۸۵۔ ہر جان موت کا مزہ چکھنے والی ہے اور قیامت کے دن تم اپنے بدلے پورے پورے دیئے جاؤ گے، پس جو شخص آگ سے ہٹا دیا جائے اور جنت میں داخل کر دیا جائے بیشک وہ کامیاب ہوگیا اور دنیا کی زندگی تو صرف دھوکے کی جنس ہے۔

۱۸۶۔ یقیناً تمہارے مالوں اور جانوں سے تمہاری آزمائش کی جائے گی اور یہ بھی یقین ہے کہ تمہیں ان لوگوں کی جو تم سے پہلے کتاب دیئے گئے اور مشرکوں کی بہت سی دکھ دینے والی باتیں بھی سننی پڑیں گی اور اگر تم صبر کرلو اور پرہیزگاری اختیار کرو تو یقیناً یہ بہت بڑی ہمت کا کام ہے۔۔

وَإِذْ أَخَذَ ٱللَّهُ مِيثَٰقَ ٱلَّذِينَ أُوتُوا۟ ٱلْكِتَٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهُۥ لِلنَّاسِ
اور جب لیا اللہ نے پختہ عہد ان لوگوں سے جو دیے گئے کتاب البتہ تم ضرور بیان کرو گے اس کو لوگوں کے لیے

وَلَا تَكْتُمُونَهُۥ فَنَبَذُوهُ وَرَآءَ ظُهُورِهِمْ وَٱشْتَرَوْا۟ بِهِۦ ثَمَنًا
اور نہ تم چھپاؤ گے اس کو تو انہوں نے پھینک دیا اس کو پیچھے اپنی پیٹھوں کے اور انہوں نے بیچ ڈالا اس کو قیمت کے عوض

قَلِيلًا ۖ فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُونَ ﴿١٨٧﴾ لَا تَحْسَبَنَّ ٱلَّذِينَ يَفْرَحُونَ بِمَآ
تھوڑی تو کتنا برا ہے جو وہ خرید وفروخت کررہے ہیں ۳:۱۸۷ نہ تم خیال کرو ان لوگوں کو جو خوش ہورہے ہیں ساتھ اس کے جو

أَتَوا۟ وَّيُحِبُّونَ أَن يُحْمَدُوا۟ بِمَا لَمْ يَفْعَلُوا۟ فَلَا تَحْسَبَنَّهُم
وہ لائے اور وہ محبت رکھتے ہیں - چاہتے ہیں کہ وہ تعریف کیے جائیں ساتھ اس کے جو نہیں انہوں نے کیا تو نہ تم خیال کرو ان کو - تم گمان کرو ان کو

بِمَفَازَةٍ مِّنَ ٱلْعَذَابِ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٨٨﴾ وَلِلَّهِ مُلْكُ
کامیاب ہونا سے عذاب اور ان کے لئے عذاب ہے دردناک ۳:۱۸۸ اور اللہ کے لئے ہے بادشاہت ہے

ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۗ وَٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ ﴿١٨٩﴾ إِنَّ فِى
آسمانوں کی اور زمین کی اور اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے ۳:۱۸۹ بیشک میں

خَلْقِ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَٱخْتِلَٰفِ ٱلَّيْلِ وَٱلنَّهَارِ لَءَايَٰتٍ
پیدائش (میں) آسمانوں اور زمین کی اور اختلاف رات کا (ایک دوسرے کے پیچھے آنا) اور دن کا البتہ نشانیاں ہیں

لِّأُو۟لِى ٱلْأَلْبَٰبِ ﴿١٩٠﴾ ٱلَّذِينَ يَذْكُرُونَ ٱللَّهَ قِيَٰمًا وَقُعُودًا
والوں کے عقل ۳:۱۹۰ یہ وہ لوگ ہیں جو یاد کرتے ہیں اللہ کو کھڑی حالت میں اور بیٹھی حالت میں

وَعَلَىٰ جُنُوبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُونَ فِى خَلْقِ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ
اور اوپر اپنے پہلوؤں کے - کروٹوں کے اور غور وفکر کرتے ہیں میں پیدائش آسمانوں کی اور زمین کی پیدائش میں (وہ کہہ اٹھتے ہیں)

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هَٰذَا بَٰطِلًا سُبْحَٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ ٱلنَّارِ ﴿١٩١﴾
اے ہمارے رب نہیں تونے پیدا کیا یہ (سب) باطل - ناحق - بے فائدہ - بے مقصد پاک ہے تو پس بچا ہم کو عذاب سے آگ کے ۳:۱۹۱

رَبَّنَآ إِنَّكَ مَن تُدْخِلِ ٱلنَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهُۥ ۖ وَمَا لِلظَّٰلِمِينَ مِنْ
اے ہمارے رب بیشک تو جس کو تو داخل کرے گا آگ میں تو تحقیق تونے رسوا کیا اس کو اور نہیں ظالموں کے لئے کوئی

أَنصَارٍ ﴿١٩٢﴾ رَّبَّنَآ إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِى لِلْإِيمَٰنِ أَنْ
مددگار ۳:۱۹۲ اے ہمارے رب بیشک ہم سنا ہم نے ایک پکارنے والے کو پکارتا ہے - تھا ایمان کے لئے کہ

ءَامِنُوا۟ بِرَبِّكُمْ فَـَٔامَنَّا ۚ رَبَّنَا فَٱغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا
ایمان لے آؤ اپنے رب کے ساتھ تو ایمان لائے ہم اے ہمارے رب پس بخش دے ہمارے لئے ہمارے گناہ اور دور کردے ہم سے

سَيِّـَٔاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ ٱلْأَبْرَارِ ﴿١٩٣﴾ رَبَّنَا وَءَاتِنَا مَا وَعَدتَّنَا عَلَىٰ
ہماری برائیاں اور فوت کر ہمیں ساتھ نیک لوگوں کے ۳:۱۹۳ اے ہمارے رب اور دے ہم کو جو وعدہ کیا تم نے ہم سے اوپر

رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ ۗ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ ٱلْمِيعَادَ ﴿١٩٤﴾
اپنے رسولوں کے اور نہ تو رسوا کر ہم کو دن قیامت کے بیشک تو نہیں تو خلاف کرے گا وعدے کو ۳:۱۹۴

۱۸۷. اور اللہ تعالیٰ نے جب اہل کتاب سے عہد لیا کہ تم اسے سب لوگوں سے ضرور بیان کرو گے اور اسے چھپاؤ گے نہیں تو پھر بھی ان لوگوں نے اس عہد کو اپنی پیٹھ پیچھے ڈال دیا اور اسے بہت کم قیمت پر بیچ ڈالا۔ ان کا یہ بیوپار بہت برا ہے۔

۱۸۸. وہ لوگ جو اپنے کرتوتوں پر خوش ہیں اور چاہتے ہیں کہ جو انہوں نے نہیں کیا اس پر بھی تعریفیں کی جائیں آپ انہیں عذاب سے چھٹکارہ میں نہ سمجھیئے ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔

۱۸۹. آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کے لئے ہے اور اللہ تعالیٰ ہرچیز پر قادر ہے۔

۱۹۰. آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں اور رات دن کے ہیر پھیر میں یقیناً عقلمندوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

۱۹۱. جو اللہ تعالیٰ کا ذکر کھڑے اور بیٹھے اور اپنی کروٹوں پر لیٹے ہوئے کرتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں غور و فکر کرتے ہیں اور کہتے ہیں اے ہمارے پروردگار تو نے یہ بے فائدہ نہیں بنایا۔ تو پاک ہے پس ہمیں آگ کے عذاب سے بچا لے۔

۱۹۲. اے ہمارے پالنے والے تو جسے جہنم میں ڈالے یقیناً تو نے اسے رسوا کیا اور ظالموں کا مددگار کوئی نہیں۔

۱۹۳. اے ہمارے رب! ہم نے سنا کہ منادی کرنے والا با آواز بلند ایمان کی طرف بلا رہا ہے کہ لوگو! اپنے رب پر ایمان لاؤ پس ہم ایمان لائے یا الٰہی! اب تو ہمارے گناہ معاف فرما اور ہماری برائیاں ہم سے دور کردے اور ہماری موت نیکوں کے ساتھ کر۔

۱۹۴. اے ہمارے پالنے والے معبود! ہمیں وہ دے جس کا وعدہ تو نے ہم سے اپنے رسولوں کی زبانی کیا ہے اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کر یقیناً تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

فَٱسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ أَنِّى لَآ أُضِيعُ عَمَلَ عَـٰمِلٍ مِّنكُم مِّن

تو قبول کرلیا ان کے لیے ان کے رب نے بیشک میں نہیں میں ضائع کروں گا عمل کو کسی عمل کرنے والے کا تم میں سے

ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ ۖ بَعْضُكُم مِّنۢ بَعْضٍ ۖ فَٱلَّذِينَ هَاجَرُوا۟ وَأُخْرِجُوا۟

خواہ کوئی مرد ہو یا عورت بعض تم میں سے بعض (سے) ہیں تو وہ لوگ جنہوں نے ہجرت کی اور وہ نکالے گئے

مِن دِيَـٰرِهِمْ وَأُوذُوا۟ فِى سَبِيلِى وَقَـٰتَلُوا۟ وَقُتِلُوا۟ لَأُكَفِّرَنَّ

سے اپنے گھروں سے اور وہ اذیت دیے گئے - ستائے گئے میں میری راہ اور انہوں نے جنگ کی اور وہ مارے گئے البتہ میں ضرور دور کروں گا

عَنْهُمْ سَيِّـَٔاتِهِمْ وَلَأُدْخِلَنَّهُمْ جَنَّـٰتٍ تَجْرِى مِن تَحْتِهَا

ان سے برائیاں ان کی اور البتہ میں ضرور داخل کروں گا ان کو باغات میں بہتی ہیں سے ان کے نیچے

ٱلْأَنْهَـٰرُ ثَوَابًا مِّنْ عِندِ ٱللَّهِ ۗ وَٱللَّهُ عِندَهُۥ حُسْنُ ٱلثَّوَابِ ﴿١٩٥﴾

نہریں بدلے کے طور پر سے پاس اللہ کی جناب سے اور اللہ اس کے پاس اچھا بدلہ ہے 3:195

لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ فِى ٱلْبِلَـٰدِ ﴿١٩٦﴾ مَتَـٰعٌ قَلِيلٌ

نہ دھوکے میں ڈالے تجھ کو چلنا پھرنا ان لوگوں کا جنہوں نے کفر کیا میں ملکوں میں - شہروں میں 3:196 فائدہ ہے تھوڑا سا

ثُمَّ مَأْوَىٰهُمْ جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ ٱلْمِهَادُ ﴿١٩٧﴾ لَـٰكِنِ ٱلَّذِينَ ٱتَّقَوْا۟

پھر ٹھکانا ان کا جہنم ہے اور کتنا برا ہے ٹھکانہ 3:197 لیکن جو لوگ ڈرتے رہے

رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنَّـٰتٌ تَجْرِى مِن تَحْتِهَا ٱلْأَنْهَـٰرُ خَـٰلِدِينَ فِيهَا

اپنا رب ان کے لئے باغات بہتی ہیں سے ان کے نیچے نہریں ہمیشہ رہیں گے اس میں

نُزُلًا مِّنْ عِندِ ٱللَّهِ ۗ وَمَا عِندَ ٱللَّهِ خَيْرٌ لِّلْأَبْرَارِ ﴿١٩٨﴾ وَإِنَّ مِنْ

مہمانی سے پاس اللہ کے اور جو پاس اللہ کے بہتر نیک لوگوں کے لئے 3:198 اور بیشک سے

أَهْلِ ٱلْكِتَـٰبِ لَمَن يُؤْمِنُ بِٱللَّهِ وَمَآ أُنزِلَ إِلَيْكُمْ

اہل کتاب میں البتہ جو ایمان رکھتا ہے اللہ پر اور جو نازل کیا گیا تمہاری طرف

وَمَآ أُنزِلَ إِلَيْهِمْ خَـٰشِعِينَ لِلَّهِ لَا يَشْتَرُونَ بِـَٔايَـٰتِ ٱللَّهِ

اور جو نازل کیا گیا ان کی طرف ڈرنے والے ہیں اللہ کے لیے نہیں بیچتے - وہ لیتے بدلے آیات کے اللہ کی

ثَمَنًا قَلِيلًا ۗ أُو۟لَـٰٓئِكَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ

پیسے تھوڑے - پیسے تھوڑے یہی لوگ ان کے لئے ہے اجر ان کا پاس ان کے رب کے بیشک اللہ

سَرِيعُ ٱلْحِسَابِ ﴿١٩٩﴾ يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ٱصْبِرُوا۟

جلد لینے والا ہے حساب 3:199 اے لوگو جو ایمان لائے ہو صبر کرو

وَصَابِرُوا۟ وَرَابِطُوا۟ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٢٠٠﴾

اور مقابلے پر صبر کرو - باہم صبر کرو اور تیار رہو - آمادہ رہو - باہم رابطہ رکھو اور ڈرو اللہ سے تاکہ تم تم فلاح پاجاؤ 3:200

٤ سُورَةُ النِّسَاءِ ١٧٦

١٩٥. پس ان کے رب نے ان کی دعا قبول فرمائی کہ تم میں سے کسی کام کرنے والے کے کام کو خواہ وہ مرد ہو یا عورت میں ہرگز ضائع نہیں کرتا - تم آپس میں ایک دوسرے کے ہم جنس ہو ، اس لئے وہ لوگ جنہوں نے ہجرت کی اور اپنے گھروں سے نکال دیئے گئے اور جنہیں میری راہ میں ایذا دی گئی اور جنہوں نے جہاد کیا اور شہید کئے گئے میں ضرور ضرور ان کی برائیاں ان سے دور کردوں گا اور بالیقین انہیں جنتوں میں لے جاؤنگا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں یہ ہے ثواب اللہ تعالٰی کی طرف سے اور اللہ تعالٰی ہی کے پاس بہترین ثواب ہے -

١٩٦. تجھے کافروں کا شہروں میں چلنا پھرنا فریب میں نہ ڈال دے -

١٩٧. یہ تو بہت ہی تھوڑا فائدہ ہے اس کے بعد ان کا ٹھکانہ توجہنم ہے اور وہ بری جگہ ہے -

١٩٨. لیکن جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے رہے ان کے لئے جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے یہ مہمانی ہے اللہ کی طرف سے اور نیکوکاروں کے لئے جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ بہت ہی بہتر ہے -

١٩٩. یقیناً اہل کتاب میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو اللہ تعالٰی پر ایمان لاتے ہیں اور تمہاری طرف جو اتارا گیا اور ان کی طرف جو نازل ہوا اس پر بھی اللہ تعالٰی سے ڈرتے ہیں اور اللہ تعالٰی کی آیتوں کو تھوڑی تھوڑی قیمت پر بیچتے بھی نہیں - ان کا بدلہ ان کے رب کے پاس ہے یقیناً اللہ تعالٰی جلد حساب لینے والا ہے -

٢٠٠. اے ایمان والو! تم ثابت قدم رہو اور ایک دوسرے کو تھامے رکھو اور جہاد کے لئے تیار رہو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ -

سورۃ النّساء
مدینہ
سورہ نمبر: ٤ آیات: ١٧٦

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

٢/٤ الحزب ٨

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ ٱتَّقُوا۟ رَبَّكُمُ ٱلَّذِى خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَٰحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا
اے لوگو تقوی کرو - ڈرو اپنے رب سے - کا وہ جو - وہ جس نے پیدا کیا تم کو سے جان ایک اور پیدا کیا اس سے

زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَآءً ۚ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ ٱلَّذِى تَسَآءَلُونَ
اس کا جوڑا اور پھیلادیے ان دونوں سے مرد بہت سے اور عورتیں اور ڈرو اللہ سے وہ ذات تم ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو

بِهِۦ وَٱلْأَرْحَامَ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا ① وَءَاتُوا۟ ٱلْيَتَٰمَىٰٓ أَمْوَٰلَهُمْ ۖ
اس کے (اللہ) بارے میں اور رشتہ داریوں (کے بارے میں) بیشک اللہ تعالیٰ ہے تم پر نگران ٤:١ اور دو یتیموں کو ان کے مال

وَلَا تَتَبَدَّلُوا۟ ٱلْخَبِيثَ بِٱلطَّيِّبِ ۖ وَلَا تَأْكُلُوٓا۟ أَمْوَٰلَهُمْ إِلَىٰٓ أَمْوَٰلِكُمْ ۚ إِنَّهُۥ
اور نہ تم بدل کر دو ناپاک کو پاک سے اور نہ تم کھاؤ ان کے مال طرف اپنے مالوں کے (ملاکر) یقینا وہ

كَانَ حُوبًا كَبِيرًا ② وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوا۟ فِى ٱلْيَتَٰمَىٰ فَٱنكِحُوا۟
ہے گناہ بہت بڑا ٤:٢ اور اگر ڈرو تم - خوف ہو تم کو کہ نہ تم انصاف کرسکو گے میں یتیموں (یتیموں کے بارے میں) تو نکاح کرلو

مَا طَابَ لَكُم مِّنَ ٱلنِّسَآءِ مَثْنَىٰ وَثُلَٰثَ وَرُبَٰعَ ۖ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تَعْدِلُوا۟
جو پسند آئیں تم کو سے عورتوں میں دو دو اور تین تین اور چار چار پھر اگر ڈرو تم کہ نہ تم عدل کرو گے

فَوَٰحِدَةً أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَٰنُكُمْ ۚ ذَٰلِكَ أَدْنَىٰٓ أَلَّا تَعُولُوا۟ ③ وَءَاتُوا۟
تو ایک ہی ہے یا جن کے مالک ہوئے تمہارے دائیں ہاتھ یہ زیادہ قریب ہے (اس بات کے) کہ نہ تم ایک طرف جھک جاؤ گے - تم بے انصافی کرو گے - عیالدارانہ بن جاؤ ٤:٣ اور دو

ٱلنِّسَآءَ صَدُقَٰتِهِنَّ نِحْلَةً ۚ فَإِن طِبْنَ لَكُمْ عَن شَىْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوهُ
عورتوں کو ان کے مہر خوش دلی سے پھر اگر وہ خوشی سے دے دیں تمہارے لئے سے - بارے میں کسی چیز کے اس میں سے خود تو کھاؤ اس کو

هَنِيٓـًٔا مَّرِيٓـًٔا ④ وَلَا تُؤْتُوا۟ ٱلسُّفَهَآءَ أَمْوَٰلَكُمُ ٱلَّتِى جَعَلَ ٱللَّهُ لَكُمْ
خوش مزہ ہوکر کوش گوار بنا کر ٤:٤ اور نہ تم دو بیوقوفوں کو اپنے مال وہ جو بنایا اللہ نے تمہارے لئے

قِيَٰمًا وَٱرْزُقُوهُمْ فِيهَا وَٱكْسُوهُمْ وَقُولُوا۟ لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوفًا ⑤ وَٱبْتَلُوا۟
قیام زندگی کا ذریعہ - قائم رہنے کا سبب اور رزق دو ان کو اس میں اور پہناؤ ان کو - کپڑا دو ان کو اور کہو ان کو بات بھلی - اچھی ٤:٥ اور آزمائش کرتے رہو

ٱلْيَتَٰمَىٰ حَتَّىٰٓ إِذَا بَلَغُوا۟ ٱلنِّكَاحَ فَإِنْ ءَانَسْتُم مِّنْهُمْ رُشْدًا فَٱدْفَعُوٓا۟
یتیموں کی یہاں تک کہ جب وہ پہنچ جائیں بلوغت پھر اگر پاؤ تم - مانوس ہوجاؤ ان میں سے بھلائی - سمجھ بوجھ - اہلیت میں تو دے دو - لوٹا دو

إِلَيْهِمْ أَمْوَٰلَهُمْ ۖ وَلَا تَأْكُلُوهَآ إِسْرَافًا وَبِدَارًا أَن يَكْبَرُوا۟ ۚ وَمَن كَانَ
ان کو ان کے مال اور نہ تم کھاؤ ان کو اسراف کرتے ہوئے اور جلدی کرتے ہوئے کہ وہ بڑے ہوجائیں گے اور جو کوئی ہو

غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ ۖ وَمَن كَانَ فَقِيرًا فَلْيَأْكُلْ بِٱلْمَعْرُوفِ ۚ فَإِذَا
امیر - غنی - مالدار پس چاہیے کہ وہ عفت سے کام لے - پرہیزگاری سے کام لے اور جو کوئی ہو محتاج تو چاہیے کہ وہ کھائے ساتھ معروف کے - بھلے طریقے سے پھر جب

دَفَعْتُمْ إِلَيْهِمْ أَمْوَٰلَهُمْ فَأَشْهِدُوا۟ عَلَيْهِمْ ۚ وَكَفَىٰ بِٱللَّهِ حَسِيبًا ⑥
دے دو تم ان کو ان کے مال تو گواہ بنا لو اوپر ان کے - ان پر اور کافی ہے اللہ حساب لینے والا ٤:٦

١. اے لوگو! اپنے پروردگار سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا، اور اسی سے اس کی بیوی کو پیدا کر کے ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلا دیں اس اللہ سے ڈرو جس کے نام پر ایک دوسرے سے مانگتے ہو اور رشتے ناتے توڑنے سے بھی بچو، بیشک اللہ تعالیٰ تم پر نگہبان ہے۔

٢. اور یتیموں کا مال ان کو دے دو اور حلال چیز کے بدلے ناپاک اور حرام چیز نہ لو اور اپنے مالوں کے ساتھ ان کے مال ملا کر کھا نہ جاؤ، بیشک یہ بہت بڑا گناہ ہے۔

٣. اگر تمہیں ڈر ہو کہ یتیم لڑکیوں سے نکاح کر کے تم انصاف نہ رکھ سکو گے تو اور عورتوں میں سے جو بھی تمہیں اچھی لگیں تم ان سے نکاح کر لو، دو دو، تین تین، چار چار سے، لیکن اگر تمہیں برابری نہ کر سکنے کا خوف ہو تو ایک ہی کافی ہے یا تمہاری ملکیت کی لونڈی، یہ زیادہ قریب ہے (کہ ایسا کرنے سے نا انصافی اور ایک طرف جھکنے سے بچ جاؤ۔

٤. اور عورتوں کو ان کے مہر راضی خوشی دے دو ہاں اگر وہ خود اپنی خوشی سے کچھ مہر چھوڑ دیں تو اسے شوق سے خوش ہو کر کھاؤ پیو۔

٥. بے عقل لوگوں کو اپنا مال نہ دے دو جس مال کو اللہ تعالیٰ نے تمہاری گزران کے قائم رکھنے کا ذریعہ بنایا ہے ہاں انہیں اس مال سے کھلاؤ پلاؤ، پہناؤ، اوڑھاؤ اور انہیں معقولیت سے نرم بات کہو۔

٦. اور یتیموں کو ان کے بالغ ہونے تک سدھارتے اور آزماتے رہو پھر اگر ان میں تم ہوشیاری اور حسن تدبیر پاؤ تو انہیں ان کے مال سونپ دو اور ان کے بڑے ہو جانے کے ڈر سے ان کے مالوں کو جلدی جلدی فضول خرچیوں میں تباہ نہ کر دو مال داروں کو چاہیے کہ (ان کے مال سے) بچتے رہیں ہاں مسکین محتاج ہو تو دستور کے مطابق واجبی طرح سے کھالے، پھر جب انہیں ان کے مال سونپو تو گواہ بنا لو دراصل حساب لینے والا اللہ تعالیٰ ہی کافی ہے۔

لِّلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ وَلِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ
مردوں کے لئے | ایک حصہ ہے | اس میں سے جو | چھوڑ جائیں | والدین | اور رشتہ دار | اور عورتوں کے لئے | ایک حصہ ہے

مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ أَوْ كَثُرَ ۚ نَصِيبًا
اس میں سے جو | چھوڑ جائیں | والدین | اور رشتہ دار | اس میں سے جو | کم ہو - قلیل ہو | اس میں سے | یا | زیادہ ہو - کثرت سے ہو | حصہ ہے

مَّفْرُوضًا ﴿٧﴾ وَإِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ أُولُو الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ
مقرر کیا ہوا | ۴:۷ | اور جب | حاضر ہوں | تقسیم کے وقت | قرابت دار | اور یتیم

وَالْمَسَاكِينُ فَارْزُقُوهُم مِّنْهُ وَقُولُوا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوفًا
اور مسکین - محتاج | تو رزق دو ان کو | اس میں سے | اور کہو | ان کو | بات | بھلی

﴿٨﴾ وَلْيَخْشَ الَّذِينَ لَوْ تَرَكُوا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعَافًا
۴:۸ | اور چاہیے کہ ڈریں | وہ لوگ | اگر | وہ چھوڑ جائیں | سے | اپنے پیچھے | اولاد | کمزور

خَافُوا عَلَيْهِمْ فَلْيَتَّقُوا اللَّهَ وَلْيَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا ﴿٩﴾ إِنَّ
وہ ڈرتے ہیں | ان پر - ان کے بارے میں | پس چاہیے کہ ڈریں | اللہ سے | اور چاہیے کہ کہیں | بات | درست - محکم | ۴:۹ | بیشک

الَّذِينَ يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ الْيَتَامَىٰ ظُلْمًا إِنَّمَا يَأْكُلُونَ فِي
وہ لوگ | جو کھاتے ہیں | مال | یتیموں کے | ظلم کے طور پر | بیشک | وہ کھاتے ہیں | میں

بُطُونِهِمْ نَارًا ۖ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيرًا ﴿١٠﴾ يُوصِيكُمُ اللَّهُ فِي
اپنے پیٹوں میں | آگ | اور عنقریب وہ داخل ہوں گے | بھڑکتی ہوئی آگ میں | ۴:۱۰ | وصیت کرتا ہے تم کو | اللہ | میں

أَوْلَادِكُمْ ۖ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنثَيَيْنِ ۚ فَإِن كُنَّ نِسَاءً
تمہاری اولاد کے بارے میں | لڑکوں کے لئے | مانند | حصہ | دو لڑکیوں کے | پھر اگر | ہوں وہ | عورتیں

فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۖ وَإِن كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا
اوپر | دو سے اوپر | تو ان عورتوں کے لئے ہے | دو تہائی | جو | اس نے چھوڑا | اور اگر | ہو | ایک لڑکی | تو اس کے لئے

النِّصْفُ ۚ وَلِأَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ إِن
آدھا ہے | اور اس کے ماں باپ کے لئے | ہر کے لئے | ایک | ان دونوں میں سے | چھٹا حصہ ہے | اس میں سے جو | اس نے چھوڑا | اگر

كَانَ لَهُ وَلَدٌ ۚ فَإِن لَّمْ يَكُن لَّهُ وَلَدٌ وَوَرِثَهُ أَبَوَاهُ فَلِأُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ فَإِن
ہے | اس کے لئے | اولاد - کوئی بچہ | پھر اگر | نہیں | ہو | اس کے لئے | اولاد - کوئی بچہ | اور وارث ہوئے اس کے | اس کے والدین | تو اس کی ماں کے لئے | تیسرا حصہ ہے | پھر اگر

كَانَ لَهُ إِخْوَةٌ فَلِأُمِّهِ السُّدُسُ ۚ مِن بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِي بِهَا
ہوں | اس کے (میت کے) | بہن بھائی | تو اس کی ماں کے لئے | چھٹا حصہ ہے | کے | بعد | وصیت پوری کرنے | وصیت کر جائے | اس کی

أَوْ دَيْنٍ ۗ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ لَا تَدْرُونَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ لَكُمْ
یا | قرض کی ادائیگی کے بعد | تمہارے آباؤاجداد | اور تمہارے بیٹے | نہیں | تم جانتے | ان میں سے کون | زیادہ قریب ہے | تمہارے لئے

نَفْعًا ۚ فَرِيضَةً مِّنَ اللَّهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿١١﴾
نفع کے لحاظ سے | فریضہ ادا کرنا ہے | سے | اللہ کی طرف | بیشک | اللہ تعالیٰ | ہے | علم والا | حکمت والا | ۴:۱۱

۷. ماں باپ اور خویش واقارب کے ترکہ میں مردوں کا حصہ بھی ہے اور عورتوں کا بھی (جو مال ماں باپ اور خویش و اقارب چھوڑ کر مریں) خواہ وہ مال کم ہو یا زیادہ (اس میں) حصہ مقرر کیا ہوا ہے۔

۸. جب تقسیم کے وقت قرابت دار اور یتیم اور مسکین آجائیں تو تم اس میں سے تھوڑا بہت انہیں بھی دے دو اور ان سے نرمی سے بولو۔

۹. چاہئے کہ وہ اس بات سے ڈریں کہ اگر وہ خود اپنے پیچھے (ننھے ننھے) ناتواں بچے چھوڑ جاتے جنکے ضائع ہو جانے کا اندیشہ رہتا (تو ان کی چاہت کیا ہوتی) پس اللہ تعالیٰ سے ڈر کر جچی تلی بات کہا کریں۔

۱۰. جو لوگ ناحق ظلم سے یتیموں کا مال کھاتے ہیں، وہ اپنے پیٹ میں آگ ہی بھر رہے ہیں اور عنقریب وہ دوزخ میں جائیں گے۔

۱۱. اللہ تعالیٰ تمہیں اولاد کے بارے میں حکم کرتا ہے کہ ایک لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے برابر ہے، اور اگر صرف لڑکیاں ہی ہوں اور دو سے زیادہ ہوں تو انہیں مال متروکہ کا دو تہائی ملے گا، اور اگر ایک ہی لڑکی ہو تو اس کے لئے آدھا ہے اور میت کے ماں باپ میں سے ہر ایک لئے اس کے چھوڑے ہوئے مال کا چھٹا حصہ ہے اگر اس میت کی اولاد ہو، اگر اولاد نہ ہو اور ماں باپ وارث ہوتے ہوں تو اس کی ماں کے لئے تیسرا حصہ ہے۔ ہاں اگر میت کے کئی بھائی ہوں تو پھر اس کی ماں کا چھٹا حصہ ہے۔ یہ حصے اس کی وصیت (کی تکمیل) کے بعد ہیں جو مرنے والا کر گیا ہو یا ادائے قرض کے بعد تمہارے باپ ہوں یا تمہارے بیٹے تمہیں نہیں معلوم کہ ان میں سے کون تمہیں نفع پہنچانے میں زیادہ قریب ہے۔ یہ حصے اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر کردہ ہیں بیشک اللہ تعالیٰ پورے علم اور کامل حکمتوں والا ہے۔

٣/٤ الحزب ٨

وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ أَزْوَاجُكُمْ إِن لَّمْ يَكُن
اور تمہارے لیے | آدھا ہے | جو | چھوڑا | تمہاری بیویوں نے | اگر | نہ | ہو

لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَإِن كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا
ان کے لئے | اولاد۔ کوئی بچہ | پھر اگر | ہے | ان کے لئے | اولاد | تو تمہارے لئے | چوتھا حصہ ہے | اس میں سے جو

تَرَكْنَ ۚ مِن بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِينَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ ۚ
وہ چھوڑ جائیں | سے | بعد | وصیت کے | وہ عورتیں وصیت کر جائیں | جس کی | یا | قرض کی ادائیگی کے بعد

وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ إِن لَّمْ يَكُن لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ
اور ان عورتوں کے لئے ہے | چوتھا حصہ | اس میں سے جو | چھوڑا تم نے | اگر | نہیں | ہے | تمہارے لئے | اولاد

فَإِن كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُم ۚ
پھر اگر | ہے | تمہارے لئے | اولاد | تو ان عورتوں کے لئے ہے | آٹھواں حصہ | اس میں سے جو | چھوڑا تم نے

مِّن بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوصُونَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ ۗ وَإِن كَانَ
بعد | وصیت | تم وصیت کر جاؤ | جس کی | یا | قرض کی ادائیگی کے بعد | اور اگر | ہے

رَجُلٌ يُورَثُ كَلَالَةً أَوِ امْرَأَةٌ وَلَهُ أَخٌ أَوْ أُخْتٌ فَلِكُلِّ
ایک شخص | جس کی میراث لی جاتی ہے | کلالہ | یا | کوئی عورت ہے | اور اس کے لئے | ایک بھائی ہو | یا | ایک بہن ہو | تو واسطے ہر

وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَإِن كَانُوا أَكْثَرَ مِن ذَٰلِكَ
ایک کے | ان دونوں میں سے | چھٹا حصہ ہے | پھر اگر | وہ سب ہوں | زیادہ | سے | اس

فَهُمْ شُرَكَاءُ فِي الثُّلُثِ ۚ مِن بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصَىٰ
تو وہ | شریک ہیں | میں | ایک تہائی | کے | بعد | وصیت (کے) | وصیت کی جائے

بِهَا أَوْ دَيْنٍ غَيْرَ مُضَارٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ
اس کی | یا | قرض (کی ادائیگی کے بعد) | نہ | نقصان دینے والا ہو۔ نہ ضرر پہنچانے والا ہو | وصیت ہے | سے | اللہ کی طرف | اور اللہ

عَلِيمٌ حَلِيمٌ ﴿١٢﴾ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ ۚ وَمَن يُطِعِ اللَّهَ
جاننے والا ہے | بردبار ہے | ٤:١٢ | یہ | حدود ہیں | اللہ کی | اور جو کوئی | اطاعت کرے گا | اللہ کی

وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا
اور اس کے رسول کی | وہ داخل کرے گا اس کو | باغات میں | بہتی ہیں | سے | ان کے نیچے

الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ
نہریں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | اس میں | اور یہی | کامیابی ہے | بڑی

﴿١٣﴾ وَمَن يَعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَتَعَدَّ حُدُودَهُ
٤:١٣ | اور جو کوئی | نافرمانی کرے گا | اللہ کی | اور اس کے رسول کی | اور توڑ دے گا | اس کی حدود کو

يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيهَا وَلَهُ عَذَابٌ مُّهِينٌ ﴿١٤﴾
وہ داخل کرے گا اس کو | آگ میں | ہمیشہ رہنے والا ہے | اس میں | اور اس کے لئے | عذاب ہے | رسوا کن۔ ذلیل کرنے والا | ٤:١٤



4

۱۲. تمہاری بیویاں جو چھوڑ مریں اور ان کی اولاد نہ ہو تو آدھوں آدھ تمہارا ہے۔ اور اگر ان کی اولاد ہو تو ان کے چھوڑے ہوئے مال میں سے تمہارے لئے چوتھائی حصہ ہے اس کی وصیت کی ادائیگی کے بعد جو وہ کر گئیں ہوں یا قرض کے بعد۔ اور جو (ترکہ) تم چھوڑ جاؤ اس میں سے ان کے لئے چوتھائی ہے اگر تمہاری اولاد نہ ہو اور اگر تمہاری اولاد ہو تو پھر انہیں تمہارے ترکہ کا آٹھواں حصہ ملے گا اس وصیت کے بعد جو تم کر گئے ہو اور قرض کی ادائیگی کے بعد۔ اور جن کی میراث لی جاتی ہے وہ مرد یا عورت کلالہ ہو یعنی اس کا باپ بیٹا نہ ہو اور اس کا ایک بھائی اور ایک بہن ہو تو ان دونوں میں سے ہر ایک کا چھٹا حصہ۔ اگر اس سے زیادہ ہوں تو ایک تہائی میں سب شریک ہیں اس وصیت کے بعد جو کی جائے اور قرض کے بعد، جب کہ اوروں کا نقصان نہ کیا گیا ہو۔ یہ مقرر کیا ہوا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور اللہ تعالیٰ دانا ہے بردبار۔

۱۳. یہ حدیں اللہ تعالیٰ کی مقرر کی ہوئی ہیں اور جو اللہ تعالیٰ کی اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی فرمانبرداری کرے گا اسے اللہ تعالیٰ جنتوں میں لے جائے گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔

۱۴. اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نافرمانی کرے اور اس کی مقررہ حدوں سے آگے نکلے اسے وہ جہنم میں ڈال دے گا جس میں وہ ہمیشہ رہے گا ایسوں کے لئے رسوا کن عذاب ہے۔

وَٱلَّٰتِي يَأۡتِينَ ٱلۡفَٰحِشَةَ مِن نِّسَآئِكُمۡ فَٱسۡتَشۡهِدُواْ عَلَيۡهِنَّ
اور وہ عورتیں جو آئیں - ارتکاب کریں | بے حیائی کا | سے | تمہاری عورتوں میں | تو گواہ بنا لو | ان پر

أَرۡبَعَةٗ مِّنكُمۡۖ فَإِن شَهِدُواْ فَأَمۡسِكُوهُنَّ فِي ٱلۡبُيُوتِ
چار | تم میں سے | پھر اگر | وہ گواہی دے دیں | تو روک لو ان کو | میں | گھروں

حَتَّىٰ يَتَوَفَّىٰهُنَّ ٱلۡمَوۡتُ أَوۡ يَجۡعَلَ ٱللَّهُ لَهُنَّ سَبِيلٗا ١٥
یہاں تک کہ | فوت کردے ان کو | موت | یا | بنادے | اللہ تعالیٰ | ان کے لیے | کوئی راستہ | 4:15

وَٱلَّذَانِ يَأۡتِيَٰنِهَا مِنكُمۡ فَـَٔاذُوهُمَاۖ فَإِن تَابَا وَأَصۡلَحَا
اور وہ دو | جو آئیں اس کو (یعنی بے حیائی کو) | تم میں سے | تو اذیت دو ان دونوں کو | پھر اگر | وہ دونوں توبہ کرلیں | اور اصلاح کرلیں

فَأَعۡرِضُواْ عَنۡهُمَآۗ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ تَوَّابٗا رَّحِيمًا ١٦
تو منہ موڑ لو - اعراض کرو | ان دونوں سے | بیشک | اللہ تعالیٰ | ہے | توبہ قبول کرنے والا | مہربان | 4:16

إِنَّمَا ٱلتَّوۡبَةُ عَلَى ٱللَّهِ لِلَّذِينَ يَعۡمَلُونَ ٱلسُّوٓءَ بِجَهَٰلَةٖ
بیشک | توبہ | کے | اللہ کے ذمہ ہے | ان لوگوں کے لئے | جو عمل کرتے ہیں | برا | جہالت کے ساتھ

ثُمَّ يَتُوبُونَ مِن قَرِيبٖ فَأُوْلَٰٓئِكَ يَتُوبُ ٱللَّهُ عَلَيۡهِمۡۗ
پھر | توبہ کرلیتے ہیں | سے | قریب | تو یہی وہ لوگ ہیں | مہربان ہوگا | اللہ | اوپر ان کے

وَكَانَ ٱللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمٗا ١٧ وَلَيۡسَتِ ٱلتَّوۡبَةُ لِلَّذِينَ
اور ہے | اللہ | علم والا | حکمت والا | 4:17 | اور نہیں ہے | توبہ | ان لوگوں کے لئے

يَعۡمَلُونَ ٱلسَّيِّـَٔاتِ حَتَّىٰٓ إِذَا حَضَرَ أَحَدَهُمُ ٱلۡمَوۡتُ
جو عمل کرتے ہیں | برے | یہاں تک کہ | جب | حاضر ہوتی ہے | ان میں سے کسی ایک کو | موت

قَالَ إِنِّي تُبۡتُ ٱلۡـَٰٔنَ وَلَا ٱلَّذِينَ يَمُوتُونَ وَهُمۡ كُفَّارٌۚ
وہ کہتا ہے | بیشک میں نے | میں نے توبہ کی | اب | اور نہ | ان لوگوں کے لئے | جو مرجاتے ہیں | اس حال میں کہ وہ | کافر ہیں

أُوْلَٰٓئِكَ أَعۡتَدۡنَا لَهُمۡ عَذَابًا أَلِيمٗا ١٨ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ
یہی لوگ | تیار کیا ہم نے | ان کے لئے | عذاب | دردناک | 4:18 | اے وہ | لوگو

ءَامَنُواْ لَا يَحِلُّ لَكُمۡ أَن تَرِثُواْ ٱلنِّسَآءَ كَرۡهٗاۖ وَلَا تَعۡضُلُوهُنَّ
جو ایمان لائے ہو | نہیں | حلال | تمہارے لئے | کہ | تم وارث بن جاؤ | عورتوں کے | زبردستی - جبرا | اور نہ | تم روکو ان کو - تم مجبور کرو ان کو

لِتَذۡهَبُواْ بِبَعۡضِ مَآ ءَاتَيۡتُمُوهُنَّ إِلَّآ أَن يَأۡتِينَ بِفَٰحِشَةٖ
تاکہ تم لے جاؤ | بعض | جو | دیا تم نے ان کو | مگر | یہ کہ | وہ ارتکاب کریں | بے حیائی

مُّبَيِّنَةٖۚ وَعَاشِرُوهُنَّ بِٱلۡمَعۡرُوفِۚ فَإِن كَرِهۡتُمُوهُنَّ فَعَسَىٰٓ
کھلی | بودوباش رکھو ان کے ساتھ | ساتھ بھلے طریقے سے | پھر اگر | تم ناپسند کرو ان کو | تو ہوسکتا ہے

أَن تَكۡرَهُواْ شَيۡـٔٗا وَيَجۡعَلَ ٱللَّهُ فِيهِ خَيۡرٗا كَثِيرٗا ١٩
کہ | تم ناپسند کرو | ایک چیز کو | اور کردے | اللہ | اس میں | بھلائی | بہت سی | 4:19



۱۵. تمہاری عورتوں میں سے جو بے حیائی کا کام کریں ان پر اپنے میں سے چار گواہ طلب کرو اگر وہ گواہی دیں تو ان عورتوں کو گھروں میں قید رکھو یہاں تک کہ موت ان کی عمریں پوری کر دے یا اللہ تعالیٰ ان کے لئے کوئی اور راستہ نکالے۔

۱۶. تم میں سے جو دو افراد ایسا کام کرلیں، انہیں ایذا دو (۲) اگر وہ توبہ اور اصلاح کرلیں تو ان سے منہ پھیر لو بیشک اللہ تعالیٰ توبہ قبول کرنے والا ہے اور رحم کرنے والا ہے۔

۱۷. اللہ تعالیٰ صرف انہی لوگوں کی توبہ قبول فرماتا ہے جو بوجہ نادانی کوئی برائی کر گزریں پھر جلد اس سے باز آجائیں اور توبہ کریں تو اللہ تعالیٰ بھی اس کی توبہ قبول کرتا ہے اللہ تعالیٰ بڑے علم والا حکمت والا ہے۔

۱۸. ان کی توبہ نہیں جو برائیاں کرتے چلے جائیں یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کے پاس موت آجائے تو کہہ دے کہ میں نے اب توبہ کی اور ان کی توبہ بھی قبول نہیں جو کفر پر ہی مر جائیں یہی لوگ ہیں جن کے لئے ہم نے المناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

۱۹. ایمان والو! تمہیں حلال نہیں کہ زبردستی عورتوں کے ورثے میں لے بیٹھو۔ انہیں اس لئے روک نہ رکھو کہ جو تم نے انہیں دے رکھا ہے اس میں سے کچھ لے لو۔ ہاں یہ اور بات ہے کہ وہ کوئی کھلی برائی اور بے حیائی کریں ان کے ساتھ اچھے طریقے سے بودوباش رکھو گو تم انہیں ناپسند کرو لیکن بہت ممکن ہے کہ تم کسی چیز کو برا جانو اور اللہ تعالیٰ اس میں بہت بھلائی کر دے۔

وَإِنْ أَرَدتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ وَآتَيْتُمْ
اور اگر | ارادہ کرو تم | بدلنے کا | بیوی کو | جگہ | بیوی کے | حالانکہ دے دیا تم نے

إِحْدَاهُنَّ قِنطَارًا فَلَا تَأْخُذُوا مِنْهُ شَيْئًا ۚ أَتَأْخُذُونَهُ
ان میں سے کسی ایک کو | ڈھیروں مال | تو نہ | تم لو | اس میں سے | کچھ بھی | کیا تم لو گے اس کو

بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُّبِينًا ﴿٢٠﴾ وَكَيْفَ تَأْخُذُونَهُ وَقَدْ أَفْضَىٰ
الزام لگا کر - بہتان لگا کر | اور گناہ کے ساتھ | کھلے | ٤:٢٠ | اور کس طرح | تم لوگے اس کو | حالانکہ تحقیق | پہنچ چکا

بَعْضُكُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ وَأَخَذْنَ مِنكُم مِّيثَاقًا غَلِيظًا
تم میں سے بعض | طرف | بعض کے | اور وہ لے چکیں | تم سے | عہد | پختہ - گاڑھا

﴿٢١﴾ وَلَا تَنكِحُوا مَا نَكَحَ آبَاؤُكُم مِّنَ النِّسَاءِ
٤:٢١ | اور نہ | تم نکاح کرو | جس سے | نکاح کرچکے | تمہارے باپ (دادا وغیرہ) | سے | عورتوں میں

إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ۚ إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً وَمَقْتًا وَسَاءَ
مگر | جو | تحقیق | گزر چکا | بیشک | وہ ہے | بے حیائی کا کام | بغض کا سبب | اور بہت برا ہے

سَبِيلًا ﴿٢٢﴾ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ
راستہ | ٤:٢٢ | حرام کردی گئیں | تم پر | تمہاری مائیں | اور تمہاری بیٹیاں

وَأَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ وَخَالَاتُكُمْ وَبَنَاتُ
اور تمہاری بہنیں | اور تمہاری پھوپھیاں | اور تمہاری خالائیں | اور بیٹیاں

الْأَخِ وَبَنَاتُ الْأُخْتِ وَأُمَّهَاتُكُمُ اللَّاتِي أَرْضَعْنَكُمْ
بھائی کی | اور بیٹیاں | بہن کی | اور مائیں تمہاری | جنہوں نے | دودھ پلایا تم کو

وَأَخَوَاتُكُم مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَأُمَّهَاتُ نِسَائِكُمْ
اور بہنیں تمہاری | سے | رضاعت | اور مائیں تمہاری | بیویوں کی

وَرَبَائِبُكُمُ اللَّاتِي فِي حُجُورِكُم مِّن نِّسَائِكُمُ
اور تمہاری بیویوں کی بیٹیاں - اور زیر تربیت لڑکیاں تمہاری | وہ جو | میں | تمہاری گودوں میں ہیں | سے | تمہاری بیویوں میں

اللَّاتِي دَخَلْتُم بِهِنَّ فَإِن لَّمْ تَكُونُوا دَخَلْتُم بِهِنَّ فَلَا
وہ جو | دخول کیا تم نے | ساتھ ان کے | پھر اگر | نہیں | تم ہو | دخول کرچکے | ان پر | تو نہیں

جُنَاحَ عَلَيْكُمْ وَحَلَائِلُ أَبْنَائِكُمُ الَّذِينَ مِنْ
کوئی گناہ | تم پر | اور بیویاں | تمہارے بیٹوں کی | وہ جو | سے

أَصْلَابِكُمْ وَأَن تَجْمَعُوا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ إِلَّا
تمہاری پشت سے ہیں | اور یہ کہ | تم جمع کرنا | درمیان | دو بہنوں کے | مگر

مَا قَدْ سَلَفَ ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿٢٣﴾
جو | تحقیق | گزر چکا | بیشک | اللہ | ہے | بخشنے والا | مہربان | ٤:٢٣

**٢٠.** اور اگر تم ایک بیوی کی جگہ دوسری بیوی کرنا ہی چاہو اور ان میں کسی کو تم نے خزانے کا خزانہ دے رکھا ہو تو بھی اس میں سے کچھ نہ لو - کیا تم اسے ناحق اور کھلا گناہ ہوتے ہوئے بھی لے لو گے تم اسے کیسے لے لو گے -

**٢١.** حالانکہ تم ایک دوسرے کو مل چکے ہو اور ان عورتوں نے تم سے مضبوط عہد و پیمان لے رکھا ہے -

**٢٢.** اور ان عورتوں سے نکاح نہ کرو جن سے تمہارے باپوں نے نکاح کیا ہے ، مگر جو گزر چکا ہے یہ بے حیائی کا کام اور بغض کا سبب ہے اور بڑی بری راہ ہے -

**٢٣.** حرام کی گئی ہیں تم پر تمہاری مائیں اور تمہاری لڑکیاں اور تمہاری بہنیں ، تمہاری پھوپھیاں اور تمہاری خالائیں اور بھائی کی لڑکیاں اور تمہاری بہن کی لڑکیاں اور بہن کی لڑکیاں اور تمہاری وہ مائیں جنہوں نے تمہیں دودھ پلایا ہو اور تمہاری دودھ شریک بہنیں اور تمہاری ساس اور تمہاری وہ پرورش کردہ لڑکیاں جو تمہاری گود میں ہیں تمہاری ان عورتوں سے جن سے تم دخول کرچکے ہو ہاں اگر تم نے ان سے جماع نہ کیا ہو تو تم پر کوئی گناہ نہیں اور تمہارے بیٹوں کی بیویاں اور تم دو بہنوں کا جمع کرنا (حرام کی گئی ہیں )۔ ہاں جو گزر چکا سو گزر چکا ، یقیناً اللہ تعالٰی بخشنے والا مہربان ہے -